آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.pk

جلد نمبر 32 | بروز اتوار 13 دسمبر 2020ء بمطابق 29 ربیع الثانی 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 339

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:50
ظہر	1:20
عصر	5:00
مغرب	غروب آفتاب (06:00)
عشاء	07:00
اہل تشیع: فجر صبح	05:00
ظہرین	01:00
مغربین	07:00

آرمی چیف

اے ایس ایف ٹرینیز کی تربیت سے ایوی ایشن سیکورٹی بہتر ہوگی

پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ کا ٹرینیز کی تربیت اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار، آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے اے ایس ایف میں خواتین کی شرکت کو سراہا

آرمی چیف نے ٹرینیز اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کیں اور پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کیے۔ ہیڈکوارٹرز پاکستان رینجرز سندھ کا بھی دورہ کیا

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے ٹرینیز کی تربیت اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے ایس ایف ٹرینیز کی معیاری ٹریننگ سے ایوی ایشن سکیورٹی بہتر ہو گی۔ ہفتہ کو آئی ایس پی آر کے مطابق ویسٹک ایوی ایشن سکیورٹی فورس کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کی تقریب کے مہمان خصوصی آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے اے ایس ایف میں خواتین کی شرکت کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے ٹرینیز کی تربیت اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے ٹرینیز کی تربیت اور کارکردگی بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم

چلو نیک نیت اور باہمت ہو تو کامیابی ہوتی ہے

چینی کی قیمتوں کو نیچے لانے پر معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، ایک ماہ پہلے چینی 102 روپے فی کلو فروخت ہو رہی تھی، وزیراعظم

جب بگڑا ہوا نظام بدلنے کی کوشش ہوتی ہے تو اس نظام سے مستفید ہونے والے مزاحمت کرتے ہیں اور اگر وہ طاقتور لوگ ہوں تو مزاحمت زیادہ ہوتی ہے

واضح رہے کہ گزشتہ حکومت میں چینی کی قیمت 57 روپے فی کلو سے کم تھی تاہم گزشتہ برس اس کی قیمت 120 روپے بھی کلو تک بھی جا پہنچی تھی

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ ماشاء اللہ ملک میں چینی 81 روپے فی کلو میں فروخت ہو رہی ہے، بہترین حکمت عملی سے چینی کی قیمتیں نیچے لانے پر معاشی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ ماشاء اللہ قومی سطح پر چینی 81 روپے کلو میں فروخت ہو رہی ہے جو ایک ماہ پہلے چینی 102 روپے فی کلو فروخت ہو رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بہترین حکمت عملی سے چینی کی قیمتیں نیچے لانے پر معاشی ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ چینی کی قیمتوں کو نیچے لانے پر اپنی معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اپنی ٹوئٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ ایک ماہ پہلے چینی 102 روپے فی کلو فروخت ہو رہی تھی، ملک بھر میں چینی اوسطاً 81 روپے فی کلو گرام میں فروخت ہو رہی ہے، چینی کی قیمتوں کو نیچے لانے پر اپنی بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: کشمیر پریمیئر لیگ کی افتتاحی تقریب میں وفاقی وزیر شہریار خان آفریدی سٹیج پر بیٹھے ہیں

اپوزیشن اتحاد (آج) مینار پاکستان پر اپنی طاقت کا مظاہرہ کریگا،

تحریک کے اگلے مراحل کا اعلان کیا جائیگا، جلسے میں ملک بھر سے کارکنان شریک ہونگے،

مریم نواز کی رکاوٹوں کے باوجود کارکنوں کو ہر صورت مینار پاکستان پہنچنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) اپوزیشن کی گیارہ جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی تحریک کے پہلے مرحلے کا آخری جلسہ آج (اتوار) مینار پاکستان پر منعقد ہوگا، جلسے میں تحریک کے اگلے مراحل کے اعلان کیا جائے گا، جلسے میں پی ڈی ایم کے اتحاد میں شامل جماعتوں کی قیادت اور مرکزی رہنما شریک ہوں گے، جلسے سے مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کریں گے، بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اندرونی و بیرونی خطرات سے نمٹنے کیلئے ہر وقت تیار ہیں

ایئر چیف

جبر کا شکار مظلوم کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں، پاس آؤٹ کرنے والوں میں پاکستان کے علاوہ بنگلہ دیش، سری لنکا اور نیپال کے ٹرینیز بھی شامل ہیں

کراچی (این این آئی) پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان نے کہا ہے کہ ملک کو اندرونی اور بیرونی محاذوں پر درپیش کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے پی اے ایف ہر وقت تیار ہے۔ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان ٹیکرا پی میں پی اے ایف ایئر مین اکیڈمی کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کی بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کی کاروائی 16 ایکڑ زمین واگزار کروائی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کی کاروائی 16 ایکڑ زمین واگزار کروائی گئی، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں چینی کی فی کلو قیمت میں پندرہ روپے کمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ شہر میں چینی کی فی کلو قیمت میں پندرہ روپے کی کمی کی گئی گزشتہ ہفتے پچانوے روپے میں دستیاب فی کلو چینی اب گھٹ بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم بلوچستان کے قائدین لاہور پہنچ گئے آج مینار پاکستان پر جلسہ عام سے خطاب کریگے

کوئٹہ (آن لائن) پی ڈی ایم بلوچستان کے قائدین لاہور پہنچ گئے آج مینار پاکستان پر جلسہ عام سے خطاب کریگے تفصیلات کے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

شرپسندوں، بدعنوان عناصر کی وجہ سے عوام کی زندگی اجیرن، امن تحفظ کو خطرات ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں بدامنی، بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے شمالی علاقوں میں برف باری سے شاہراہیں کھولنے کے اقدامات مکمل

برف ہٹانے کیلئے خریدی گئی مشینری متعلقہ اضلاع میں پہنچانے کا عمل جاری، ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ پی ڈی ایم اے نے صوبے کے شمالی علاقوں میں برف باری سے شاہراہیں کھولنے کے اقدامات مکمل کر لئے چالیس کروڑ روپے کی لاگت سے شاہراہوں سے موسم سرما کے دوران میں پڑنے والی برف ہٹانے کیلئے خریدی گئی مشینری متعلقہ اضلاع میں پہنچانے بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

میں نے پچھلے 8 سال میں کبھی بلوچستان کیلئے سوشل میڈیا پر مقبوضہ بلوچستان کا نام استعمال نہیں کیا مگر اب کرنا ہی ہوگا، اختر مینگل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے سماجی رابطے ویب سائٹ ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ میں نے پچھلے 8 سال میں کبھی بلوچستان کیلئے سوشل میڈیا پر مقبوضہ بلوچستان کا نام استعمال نہیں کیا مگر اب کرنا ہی ہوگا۔

راولپنڈی: وفاقی وزیر غلام سرور خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت، اپوزیشن اتحاد دست و گریبان، عوام غربت اور مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، سراج الحق

ثابت ہو گیا ہے کہ حکمران طبقہ کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہے، امیر جماعت اسلامی کا خطاب!

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ حکمران توڑنے کے دعویداروں نے رواں سال ساڑھے دس ارب ڈالر کے غیر ملکی قرضے لیے، معیشت اسی طرح تباہی کے راستے پر گامزن رہی اور قرضوں کا پہاڑ بلند ہوتا گیا تو غیر ملکی اداروں کو خدانخواستہ سارا ملک بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ترقی کے نام پر ہمارے وطن پے قبضہ کرنا سی پیک کو خوشحالی کا راز قرار دینا بہت بڑا منافقانہ ڈرامہ ہے، نواب رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف ساراوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن اسمبلی نواب اسلم خان رئیسانی نے سماجی رابطے ویب سائٹ ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ ترقی کے نام پر ہمارے وطن پے قبضہ کرنا سی پیک کو خوشحالی کا راز قرار دینا بہت بڑا منافقانہ ڈرامہ ہے جو بھی ان سازشوں میں شامل ہوگا وہ بلوچوں، پشتونوں، سندھیوں کا دشمن بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مزید 71 مریض کرونا کے باعث چل بسے، 2729 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 71 مریض کرونا کے باعث چل بسے، 2729 نئے کیسز بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم عوام کا تحفظ جان بوجھ کر نظر انداز کر رہی ہے، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم قیادت لوگوں کا تحفظ جان بوجھ کر نظر انداز کر رہی ہے، یہ بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت نے 2021 کیلئے عام اور اختیاری تعطیلات کی تفصیلات کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے 2021 کیلئے عام اور اختیاری تعطیلات کی تفصیلات کا اعلان کر دیا۔ گزشتہ روز وزارت بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کا سندھ رینجرز کراچی ہیڈکوارٹرز کا دورہ، یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے سندھ رینجرز کراچی ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، یادگار شہداء پر پھولوں کی بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

تربت ضلع کیچ میں 719 افراد کرونا وائرس مرض میں مبتلا

ڈسٹرکٹ جیل تربت کے جیلر مراد سمیت 18 قیدی بھی کرونا وائرس کا شکار، تربت میں کیسز بڑھ رہے ہیں لیکن احتیاطی تدابیر کہیں نظر نہیں آتی

ٹیچنگ ہسپتال میں پی سی آر لیب قائم، لیکن 4 میں سے تین وینٹی لیٹرز تاحال انسٹال نہ ہوسکیں، وینٹی لیٹرز کیلئے آکسیجن کی بھی شدید کمی

تربت (آن لائن) کرونا وائرس کی دوسری لہر، تربت سمیت ضلع کیچ میں 719 افراد کرونا وائرس مرض میں مبتلا، ڈسٹرکٹ جیل تربت کے جیلر مراد سمیت 18 قیدی بھی کرونا وائرس کا شکار، تربت میں کیسز بڑھ رہے ہیں لیکن احتیاطی تدابیر کہیں نظر نہیں آتی، ٹیچنگ ہسپتال میں پی سی آر لیب قائم لیکن 4 میں سے تین وینٹی لیٹرز تاحال انسٹال نہ ہوسکیں، وینٹی لیٹرز کیلئے آکسیجن کی بھی شدید کمی، تربت سمیت مکران ڈویژن کے مریض بہتر علاج کیلئے کراچی و کوئٹہ کے ہسپتالوں کا چکر کاٹنے پر مجبور، تفصیلات کے مطابق تربت بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر اور مکران ڈویژن کا ہیڈکوارٹر ہے، یہاں کرونا وائرس تیزی سے پھیل رہی ہے، محکمہ بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

تربت' دو ٹریفک حادثات، 2 افراد اپنی جان کی بازی ہار گئے

ڈنک کے علاقے میں ٹریفک حادثہ ہوا ہے جس سے شیخانی بازار کے رہائشی محمد حسین نامی شخص جاں بحق ہو

تربت (آن لائن) تربت میں الگ الگ مقام پر دو ٹریفک حادثات، 2 افراد اپنی جان کی بازی ہار گئے، جبکہ ایک نوجوان شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا، تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے شہر تربت میں پولیس ذرائع کے مطابق ڈنک کے علاقے میں ٹریفک حادثہ ہوا ہے جس سے شیخانی بازار بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

بلوچستان کو جرائم سے پاک کرنے کا عہد کر رکھا ہے، ضیاء لانگو

جرائم کے خاتمے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں میں تمام وسائل مہیا کر رہے ہیں، فورسز عام آدمی کے تحفظ کیلئے کوشاں ہے،

فورسز عام آدمی کے تحفظ کیلئے کوشاں ہے، ہم نے مایوسی کو افسوس کے بجائے محنت میں بدلنا ہے، قوم کے لیے اپنے جگر گوشے پیش کرنے والے جوان قابل تحسین ہیں

کوئٹہ (ش ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے ایس ایس جی کمانڈو ڈویژن فورس کی چوتھی ٹریننگ پاسنگ آؤٹ پریڈ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی وزیر داخلہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کو جرائم سے پاک کرنے کا عہد کر رکھا ہے، جرائم کے خاتمے کے لیے قانون نافذ کرنے والے اداروں میں تمام وسائل مہیا کر رہے ہیں فورسز عام آدمی کے تحفظ کیلئے کوشاں ہے، ہم نے مایوسی کو افسوس کے بجائے محنت میں بدلنا ہے، قوم کے لیے اپنے جگر گوشے پیش کرنے والے جوان قابل تحسین ہیں، اظہار انہوں نے ایویز فورس ایس ایس جی کمانڈوز کی چوتھی پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر داخلہ نے فورسز کے دستے کی پاسنگ آؤٹ پریڈ کا معائنہ کیا اور چاک و چوبند دستے نے وزیر داخلہ کو گارڈ آف آنر بھی پیش کی اس موقع بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

امریکی کانگرس میں ترکی پر معاشی پابندیوں کا بل منظور

پابندیوں کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا، دونوں ملکوں کے تعلقات کو نقصان پہنچ سکتا ہے، ترک ردعمل

انقرہ/واشنگٹن (این این آئی) امریکی کانگرس نے محکمہ دفاع کا بجٹ بل منظور کر لیا ہے جس میں ترکی کے خلاف روسی ایس 400 فضائی دفاعی نظام کی خریداری پر پابندیوں کی منظوری کی ایک شق بھی شامل ہے۔ سینیٹ نے دفاعی بجٹ ایکٹ کی منظوری دی جس میں روس اور ترکی کے خلاف پابندیاں بھی شامل ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سینیٹ کے دو تہائی سے زیادہ ارکان نے 740 بلین ڈالر کے بجٹ کے حق میں ووٹ دیا جس پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مخالفت کی تھی اور اس کو ویٹو دینے بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

رحیم یار خان، شدید دھند کے باعث ٹریفک حادثہ، بس ٹرالر سے ٹکرا گئی، 5 افراد جاں بحق، دو زخمی

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان سے 35 کلومیٹر دور موٹروے ایم فائیو کھاہر پیر کے قریب ٹریفک حادثہ تیز رفتار مسافر بس شدید دھند کے باعث ٹرالر سے ٹکرا گئی پیچھے سے آنے والی تیز رفتار پراڈو سوار فیملی ٹرالر بھی جا ٹکرائی حادثے میں 5 افراد موقع پر جاں بحق اور 2 شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مرنے والوں میں عمر یار خان، عمر بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

لاہور: مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف احتساب عدالت میں پیشی کے بعد واپس جا رہے ہیں

بلوچستان میں پانی کی کمی، معیاری تعلیم تک رسائی کیلئے یورپی یونین سے معاہدہ

بلوچستان میں معیاری پرائمری و مڈل تعلیم تک رسائی میں بہتری کے لیے یورپی یونین صوبائی حکومت کو 11 ارب 10 کروڑ روپے 5.8 کروڑ یورو فراہم کرے گی

اسلام آباد میں دو نئے معاہدوں کے بعد سامنے آیا، معاہدوں پر سیکرٹری اقتصادی امور نور احمد اور پاکستان میں یورپی یونین کی سفیر اینڈرولا کاینارا نے دستخط کیے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں پانی کی کمی، معیاری تعلیم تک رسائی کیلئے یورپی یونین سے 11.1 ارب روپے کا معاہدہ، بلوچستان میں پانی کی کمی کو پورا کرنے اور معیاری پرائمری و مڈل تعلیم تک رسائی میں بہتری کے لیے کی جانے والی کوششوں میں مدد کے لیے یورپی یونین صوبائی حکومت کو 11 ارب 10 کروڑ روپے 5.8 کروڑ یورو فراہم کرے گی ذرائع نیوز کے مطابق یہ اعلان اسلام آباد میں دو نئے معاہدوں کے بعد سامنے آیا، معاہدوں پر سیکرٹری اقتصادی امور نور احمد اور پاکستان میں یورپی یونین کی سفیر اینڈرولا کاینارا نے دستخط کیے۔ 4 کروڑ یورو کے پانچ سالہ وائر گورننس پروگرام کے ذریعے بلوچستان کے بنجر علاقوں کو مسلکم، کم پانی کی ضرورت والی فصلیں اگانے اور مویشیوں کی فارمنگ کے نظام میں منتقل کرنے میں مدد ملے گی۔ اس پروگرام سے نہ صرف پانی کے کم بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کامل، بین الاقوامی ہوائی اڈے پر نامعلوم مقام سے راکٹ حملہ، ایک شخص ہلاک، متعدد زخمی

کامل (این این آئی) افغان دارالحکومت کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر نامعلوم مقام سے ایک راکٹ گرا جس کے نتیجے میں ایک شخص ہلاک اور متعدد زخمی ہو گئے، ایک جہاز کو بھی نقصان پہنچا۔ عالمی میڈیا کے مطابق کامل میں مختلف مقامات پر 10 راکٹ داغے گئے، راکٹس سے کامل ایئرپورٹ کو بھی نشانہ بنایا گیا جبکہ دیگر راکٹس عوامی بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اپوزیشن اتحاد (آج) مینار پاکستان پر اپنی طاقت کا مظاہرہ کریگا، تحریک کے اگلے مراحل کا اعلان کیا جائیگا

جلسے میں ملک بھر سے کارکنان شریک ہونگے، مریم نواز کی رکاوٹوں کے باوجود کارکنوں کو ہر صورت مینار پاکستان پہنچنے کی ہدایت

جلسے سے قبل جاتی امراء میں پی ڈی ایم کی قیادت کا غیر رسمی اجلاس متوقع، نواز شریف بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کریں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) اپوزیشن کی گیارہ جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی تحریک کے پہلے مرحلے کا آخری جلسہ آج (اتوار) مینار پاکستان پر منعقد ہوگا، جلسے میں تحریک کے اگلے مراحل کے اعلان کیا جائے گا، جلسے میں پی ڈی ایم کے اتحاد میں شامل جماعتوں کی قیادت اور مرکزی رہنما شریک ہوں گے، جلسے سے مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کریں گے، حکومت نے پی ڈی ایم کو جلسے کی باضابطہ اجازت نہیں دی اور اسی تناظر میں امن و امان کو قابو میں رکھنے کیلئے بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اپوزیشن جتنا مرضی زور لگالے نتیجہ صفر بٹا صفر ہی نکلے گا، وزیر داخلہ

آر پار کی بجائے سیاسی کشتی منجدھار میں ڈوبے گی، کرونا وائرس اور ٹیکا ہائی الرٹ کے باوجود اپوزیشن ضد کی سیاست بند گلی کی جانب جا رہی ہے،

لوگوں کو خطرناک وائرس کا بھی پتہ ہے اور ٹیکا کے ہائی الرٹ کا بھی ہے، اس کے باوجود اپوزیشن کی زور کی سیاست بند گلی کی جانب جا رہی ہے شیخ رشید احمد

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ اپوزیشن جتنا مرضی زور لگالے نتیجہ صفر بٹا صفر نکلے گا، آر پار کی بجائے سیاسی کشتی منجدھار میں ڈوبے گی، کرونا وائرس اور ٹیکا ہائی الرٹ کے باوجود اپوزیشن ضد کی سیاست بند گلی کی جانب جا رہی ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ لوگوں کو خطرناک وائرس کا بھی پتہ ہے اور ٹیکا کے ہائی الرٹ کا بھی ہے، اس کے باوجود اپوزیشن کی زور کی سیاست بند گلی کی جانب جا رہی ہے جس کا نتیجہ (آج) اتوار کو مایوسی اور ناکامی کی صورت میں نکلے گا یا آخر اللہ عمران خان ہی سرخرو ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جتنا مرضی زور لگالے نتیجہ صفر بٹا صفری نکلے گا، آر پار کی بجائے سیاسی کشتی منجدھار میں ڈوبے گی۔ انہوں نے کہا کہ لیڈر کال دیتا ہے گلی محلے میں مہینوں سے دعوت نامے نہیں بانٹا پھرتا۔

مصطفیٰ نواز کھوکھر نے بلاول بھٹو کے ترجمان کی حیثیت سے استعفیٰ دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما مصطفیٰ نواز کھوکھر نے چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری کے ترجمان کی حیثیت سے استعفیٰ دے دیا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر ایک ٹوئٹ میں انہوں نے لکھا کہ میں نے چیئرمین کے ترجمان کی حیثیت سے استعفیٰ دیا ہے بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

حکومت کا ریاست کے خلاف بغاوت اور بغاوت پر اکسانے پر فوری کارروائی کے لیے قوانین میں ترمیم کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ریاست کے خلاف بغاوت اور بغاوت پر اکسانے پر فوری کارروائی کے لیے قوانین میں ترمیم کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق بغاوت اور بغاوت پر اکسانے پر مقدمہ درج کرنے کا اختیار سیکرٹری داخلہ کو تفویض کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ وفاقی کابینہ سے سرکولیشن کے ذریعے اختیار بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اپوزیشن اتحاد (آج) مینار پاکستان پر اپنی طاقت کا مظاہرہ کریگا، تحریک کے اگلے مراحل کا اعلان کیا جائیگا

جلسے میں ملک بھر سے کارکنان شریک ہونگے، مریم نواز کی رکاوٹوں کے باوجود کارکنوں کو ہر صورت مینار پاکستان پہنچنے کی ہدایت

جلسے سے قبل جاتی امراء میں پی ڈی ایم کی قیادت کا غیر رسمی اجلاس متوقع، نواز شریف بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کریں گے، ذرائع

لاہور (این این آئی) اپوزیشن کی گیارہ جماعتوں کے اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی تحریک کے پہلے مرحلے کا آخری جلسہ آج (اتوار) مینار پاکستان پر منعقد ہوگا، جلسے میں تحریک کے اگلے مراحل کے اعلان کیا جائے گا، جلسے میں پی ڈی ایم کے اتحاد میں شامل جماعتوں کی قیادت اور مرکزی رہنما شریک ہوں گے، جلسے سے مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کریں گے، حکومت نے پی ڈی ایم کو جلسے کی باضابطہ اجازت نہیں دی اور اسی تناظر میں امن و امان کو قابو میں رکھنے کیلئے بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

دہشتگردی کا کوئی واقعہ ہوا تو عمران خان اور وزراء کیخلاف مقدمات درج کروائینگے، عبدالغفور حیدری

لاہور پاکستان کا دل ہے جب دل دھڑکتا تو تمام اعضاء متحرک ہو جاتے ہیں، مینار پاکستان پر میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے مرکزی رہنما عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ لاہور جاگ اٹھا تو ملک جاگ اٹھا ہے، لاہور پاکستان کا دل ہے جب دل دھڑکتا تو تمام اعضاء متحرک ہو جاتے ہیں۔ تیرہ دسمبر کا جلسہ سلیکٹڈ حکومت کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا، حکمران دہشتگرد کا طعنہ دیتے ہیں رنگ دار بھی بتاتے لیکن گرفتار نہیں کرتے، اگر دہشتگردی کا کوئی واقعہ ہوا تو عمران خان اور وزراء بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

مری وادی کو دھند میں برفباری کے بعد کا منظر

بلوچستان کے شمالی علاقوں میں برف باری سے شاہراہیں کھولنے کے اقدامات مکمل

برف ہٹانے کیلئے خریدی گئی مشینری متعلقہ اضلاع میں پہنچانے کا عمل جاری، ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ پی ڈی ایم اے نے صوبے کے شمالی علاقوں میں برف باری سے شاہراہیں کھولنے کے اقدامات مکمل کر لئے چالیس کروڑ روپے کی لاگت سے شاہراہوں سے موسم سرما کے دوران میں پڑنے والی برف ہٹانے کیلئے خریدی گئی مشینری متعلقہ اضلاع میں پہنچانے بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

میں نے پچھلے 8 سال میں کبھی بلوچستان کیلئے سوشل میڈیا پر مقبوضہ بلوچستان کا نام استعمال نہیں کیا مگر اب کرنا ہی ہوگا، اختر مینگل

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے سماجی رابطے ویب سائٹ ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ میں نے پچھلے 8 سال میں کبھی بلوچستان کیلئے سوشل میڈیا پر مقبوضہ بلوچستان کا نام استعمال نہیں کیا مگر اب کرنا ہی ہوگا۔

راولپنڈی: وفاقی وزیر غلام سرور خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت، اپوزیشن اتحاد دست و گریبان، عوام غربت اور مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، سراج الحق

ثابت ہو گیا ہے کہ حکمران طبقہ کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں ہے، امیر جماعت اسلامی کا خطاب!

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ حکمران توڑنے کے دعویداروں نے رواں سال ساڑھے دس ارب ڈالر کے غیر ملکی قرضے لیے، معیشت اسی طرح تباہی کے راستے پر گامزن رہی اور قرضوں کا پہاڑ بلند ہوتا گیا تو غیر ملکی اداروں کو خدانخواستہ سارا ملک بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ترقی کے نام پر ہمارے وطن پے قبضہ کرنا سی پیک کو خوشحالی کا راز قرار دینا بہت بڑا منافقانہ ڈرامہ ہے، نواب رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف ساراوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن اسمبلی نواب اسلم خان رئیسانی نے سماجی رابطے ویب سائٹ ٹوئٹر پیغام میں کہا ہے کہ ترقی کے نام پر ہمارے وطن پے قبضہ کرنا سی پیک کو خوشحالی کا راز قرار دینا بہت بڑا منافقانہ ڈرامہ ہے جو بھی ان سازشوں میں شامل ہوگا وہ بلوچوں، پشتونوں، سندھیوں کا دشمن بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کی کاروائی 16 ایکڑ زمین واگزار کروائی گئی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں ضلعی انتظامیہ کی کاروائی 16 ایکڑ زمین واگزار کروائی گئی، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کے بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر میں چینی کی فی کلو قیمت میں پندرہ روپے کمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ شہر میں چینی کی فی کلو قیمت میں پندرہ روپے کی کمی کی گئی گزشتہ ہفتے پچانوے روپے میں دستیاب فی کلو چینی اب گھٹ بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم بلوچستان کے قائدین لاہور پہنچ گئے آج مینار پاکستان پر جلسہ عام سے خطاب کریگے

کوئٹہ (آن لائن) پی ڈی ایم بلوچستان کے قائدین لاہور پہنچ گئے آج مینار پاکستان پر جلسہ عام سے خطاب کریگے تفصیلات کے بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

شرپسندوں، بدعنوان عناصر کی وجہ سے عوام کی زندگی اجیرن، امن تحفظ کو خطرات ہیں، مولانا عبدالحق ہاشمی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں بدامنی، بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

مزید 71 مریض کرونا کے باعث چل بسے، 2729 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید 71 مریض کرونا کے باعث چل بسے، 2729 نئے کیسز بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم عوام کا تحفظ جان بوجھ کر نظر انداز کر رہی ہے، حماد اظہر

اسلام آباد (این

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

13 دسمبر 2020ء

استعفوں کی سیاست

یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ اسمبلیوں سے استعفے کی حکمت زیادہ کارگر نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ ہمارے سیاسی کلچر میں مطلوبہ تعداد میں ارکان کا استعفیٰ آنا بہت مشکل بلکہ ایک حد تک ناممکن ہے۔ یہ بات اپوزیشن کے وہ قائدین بھی جانتے ہیں جو استعفے کا مطالبہ زور وشور سے کررہے ہیں۔ لیکن اور یہی وجہ ہے کہ انھوں نے استعفے اپنی جماعتوں کے پاس ہی رکھے ہیں۔ اسپیکروں یا چیئرمین سینٹ کو جمع نہیں کررہے ہیں۔ تاہم ایسا لگتا ہے کہ وہ اپنا دباؤ بنانے میں کامیاب ہیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ استعفے کو سیاسی اسسٹنٹ کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے۔ ورنہ اسکی حقیقت سے سب آگاہ ہیں۔ جس بوعت میں اپوزیشن کا احتجاجی تحریک چل رہی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بااکثر حلقوں کے ساتھ بات چیت میں مصروف ہے۔ اور غالباً کسی حد تک ان کی بات مانی ہی جارہی ہے۔ استعفے کے معاملے میں سب سے زیادہ پرجوش مریم نواز اور مولانا فضل الرحمٰن نظر آتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن کے متعدد اراکین نے استعفیٰ دینے سے کھل کر اختلاف کیا ہے۔ یہاں تک کہ فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے ایک رکن قومی اسمبلی اور ایک ایم پی اے جو دونوں باپ بیٹے ہیں۔ قیادت کے پاس استعفے جمع کرانے سے بھی صاف انکار کرتے ہوئے مریم نواز کے اجلاس سے اُٹھ کر چلے گئے۔ شہباز شریف مسلم لیگ ن کے پارلیمانی لیڈر ہیں لیکن ان کی طرف سے اس سلسلے میں کوئی موقف اب تک سامنے نہیں آیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیپلز پارٹی کی اعلیٰ قیادت کی طرف سے پی ڈی ایم کے حوالے سے مریم نواز کی حیثیت کو چیلنج کیا جارہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق پیپلز پارٹی قومی اسمبلی کی حد تک استعفے دینے پر قطعی راضی نہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے گوادر کوسیل کیئے جانے سے متعلق خبروں کی تردید کی ہے۔ تاہم اہل بلوچستان کے لئے نہایت حاس مسئلہ ہے اور اس سلسلے میں حکومت بلوچستان کی طرف سے تفصیلی وضاحت سامنے آنی چاہیے اور اس کے ساتھ ہی اپوزیشن کی سیاسی جماعتوں کو بھی اعتماد میں لیا جانا ضروری ہے۔ یہ معاملہ حکومت یا اپوزیشن کا نہیں بلوچستان اور اس کی عوام کے مفاد کا مشترکہ اور بنیادی اہمیت کا حامل معاملہ ہے۔

نئی نسل منشیات کی عادی۔۔۔ذمہ دار کون؟

سماجی رہنما سراج رئیسانی

جوں جوں وقت گزرتا جارہا ہے حالات واقعات تبدیل ہوتے جارہے ہیں پرانے وقتوں میں ہر چیز اصل اور خالص ہوا کرتی تھی بڑوں کا ادب چھوٹوں پر شفقت، انسان کا احترام اور اپنی اولاد کی تربیت کی فکر ہر کسی کو پریشان کہ رکھتی۔

"خاندان کا ہر شخص عزت کو ترجیح دیتا تھا اور خاندان، باپ دادا کی عزت وناموس بحال رکھنے اور معاشرے میں اعلیٰ مقام حاصل کرنا اولین خواہش ہوتی تھی۔ اور خاندان کے بڑے بزرگ چھوٹوں کی تربیت پر خاص توجہ دیتے تھے۔ چھوٹے بچوں کی ہر بات پر روک ٹوک اور حرکات وسکنات پر نظر رکھنا اور بری سوسائٹی سے دور رکھنا اولین فرض سمجھا جاتا تھا۔ اور بزرگ کہا کرتے تھے کہ بزرگوں اور خاندان کے بڑوں کی عزت وقار برقرار رکھنے کے لیے اولاد کی صحیح تربیت بہت ضروری ہے مگر نہ جانے کیوں جوں جوں وقت گزرتا جارہا ہے حالات واقعات کے ساتھ ساتھ رسم ورواج، اقدار اور طور طریقے بھی بدلتے جارہے ہیں نہ بڑوں بزرگوں کا احترام نہ چھوٹوں سے شفقت کسی کو کسی کی پرواہ نہیں حتیٰ کہ اولاد سے بھی بے خبری اور لاپرواہی کے نتیجے میں بری سوسائٹی اور برے کاموں میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے۔ تعلیم عام ہوگئی ہے مگر ادب آداب اور احترام کا نام ونشان نہیں، دولت عام ہوگئی ہے مگر ہمدردی اور میل جول پیار محبت کا خاتمہ نمود ونمائش کے ساتھ ساتھ تکبر، غرور، بے حیاء فیشن میں اضافہ ہوگیا ہے۔ نفسانفسی کا عالم ہے ہمدردی تو دور کی بات ہمدردی کے دو بول بولنے اور دلاسہ دینے یا نصیحت کرنے کا احساس ختم ہوچکا ہے شاید اس کی بڑی وجہ اولاد کی صحیح تربیت نہ کرنا ہے اولاد کے ساتھ لاڈ، پیار کا یہ عالم ہے کہ اگر کوئی بچہ کسی بڑے سے بدتمیزی کررہا ہے، گالی بک رہا ہے یا کوئی بھی الٹے سیدھے الفاظ کہہ رہا ہو تو والدین بجائے منع کرنے یا سمجھانے کے خوش ہوتے ہیں اور فخر محسوس کرتے ہیں کہ ان کا بیٹا یا بیٹی میٹھی میٹھی باتیں کررہا ہے بچوں کو آرام سے بیٹھنے یا بڑوں سے بدتمیزی نہ کرنے کے دو بول بھی نہیں کہہ پاتا اور بالآخر وہی بچہ تھوڑا بڑا ہوکر والدین کے لیے دردسر بن جاتا ہے اور والدین خود اقرار کرتے ہیں کہ ان کے بچپن کے بے جا لاڈ پیار نے اسے بگاڑ دیا ہے۔ اگر بغور اردگرد کے ماحول کا جائزہ لیا جائے تو نوجوان نسل غلط کاموں اور منشیات سوسائٹی سے وابستہ نظر آتی ہے شہر تو شہر دیہاتوں میں بھی حالات خراب اور منشیات میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ جس میں والدین اور سرپرستوں کا قصور ہے کہ وہ اپنی اولاد کی نگرانی اور تربیت پر خصوصی توجہ نہیں دیتے کہ ان کے بچوں کا کس سوسائٹی میں اٹھنا بیٹھنا ہے کس شخص سے کس طرح کے مراسم ہیں، کب گھر سے باہر جاتے ہیں کب واپس آتے ہیں رات کا کتنا حصہ غائب رہتے ہیں، کس قسم کا نشہ کرتے ہیں۔ بعض اوقات والدین کو یہ بھی معلوم نہیں ہوتا کہ ان کا بچہ کہاں کام کرتا ہے کیا کماتا ہے کتنا اور کہاں کہاں خرچ کرتا ہے کچھ والدین بچوں پر اندھا اعتماد کرتے ہوئے انھیں سمجھدار نیک، پارسا سمجھنے لگتے ہیں جس کا نتیجہ غلط نکلنا فطری امر ہے۔

زیادہ تر نوجوان بے روزگاری کی وجہ سے آوارہ گردی کرتے ہیں اور بری سوسائٹی کا شکار ہوجاتے ہیں اور خاص کر منشیات کے عادی ہو جاتے ہیں اور چرس، اس، شراب، ہیروئن جسے عرف عام میں پوڈر کہا جاتا ہے کے اس قدر عادی ہوجاتے ہیں کہ انھیں اس منشیات کے استعمال کو چھوڑنا زندگی اور موت کا مسئلہ بن جاتا ہے۔

اس میں منشیات مافیا کا بھی بڑا ہاتھ ہوتا ہے جو کہ پہلے پہل مفت فیشن کے طور پر ان چیزوں کو مہیا کرتے ہیں اور بعد میں آمدن کا ذریعہ بنالیتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ والدین اپنے بچوں پر کڑی نظر رکھتے ہوئے انھیں کنٹرول کریں اب تو نوجوان لڑکیاں بھی منشیات میں ملوث ہورہی ہیں اور کسی حد تک منشیات کی عادی ہوچکی ہیں اور بے خبر والدین کو بھنک تک نہیں پڑنے دی جارہی۔ منشیات کی وجہ سے معاشرے میں اور بہت سی برائیاں جنم لے رہی ہیں جن میں چوری، ڈکیتی، فراڈ، جیسے جرائم جنم لے رہے ہیں۔ اگر بغور مشاہدہ کیا جائے تو دیہاتوں کے نزدیک قبرستانوں، ویران جگہوں، پلوں کے نیچے، گاؤں میں قائم دوکانوں، بااختیار لوگوں کی حلقوں میں سرعام نوجوانوں کی محفلیں سج جاتی ہیں اور نشہ کیا جاتا ہے۔ حالانکہ بعض اوقات چند افراد کو خبر ہونے کے باوجود ان نوجوانوں کو منع کرنے یا روکنے کی جرأت نہیں کی جاتی اور نہ ہی ذمہ داروں یا والدین کو آگاہ کیا جاتا ہے بعض اوقات اگر والدین کو دبے لفظوں میں آگاہ کیا بھی جائے تو وہ برا مان جاتے ہیں۔ منشیات کے عادی نوجوانوں کی زیادہ تعداد کا تعلق کھاتے پیتے گھرانوں سے ہوتا ہے جو کہ والدین کی طرف سے نوجوان بچوں کو جیب خرچ کی صورت میں دی جانے والی رقم اس کا سبب بنتی ہے دیہاتوں میں رہنے والے نوجوان طبقہ جن کی گھر کی مالی پوزیشن بہتر ہوتی ہے یا ایسے نوجوان جن کی باز پرس کرنے والا کوئی نہیں ہوتا اس گھناؤنی اور جان لیوا لت میں پڑ جاتے ہیں اور ساتھ شریف گھرانوں کے لاڈلوں کو بھی ملوث کر لیتے ہیں اکثر اوقات گھروں کے مخصوص کمروں میں بیٹھ کر ٹی وی کیبل نت کیئے، ڈی وی ڈی پر فحش فلمیں اور گانے سننے والے دوست گروپوں میں عام طور پر منشیات کا استعمال زیادہ ہوتا ہے کسی زمانے میں اگر کسی گھر کا بچہ یا نوجوان سگریٹ پیتا تھا تو اسے معیوب سمجھا جاتا تھا اور پینے والا بڑوں بزرگوں سے چھپ کر پیتا تھا مگر آج کل کے دور میں سب کے سامنے بطور فیشن سگریٹ نوشی اور نسوار خوری کی جاتی ہے۔ کئی جگہوں پر والدین اولاد کے سامنے بے بس نظر آتے ہیں جنہیں آخر کار مشکلات اور شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور روزمرہ زندگی میں بے شمار مسائل جن میں لو میرج، اغواء، لڑکی لڑکے میں طلاق کا معاملہ، بدکاری، راہزنی، چوری، ڈکیتی، اور بہت سی برائیاں پیدا ہوتی ہیں۔ جنہیں بعد میں کنٹرول کرنا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہوتا ہے۔ والدین کو چاہ کہ وہ شروع دن سے ہی اولاد پر کنٹرول رکھیں اور انھیں بری سوسائٹی اور دوستوں سے دور رکھیں اور بے جا جیب خرچ سے اجتناب کریں۔

سعودی امریکا تعلقات روبہ زوال

تربر
سمیع اللہ ملک
samiumalik@hotmail.com

اس وقت جہاں دنیا کورونا وبا کے خطرے سے دوچار ہے وہاں حالیہ امریکی انتخابات میں ٹرمپ کی شکست کے بعد دنیا جو بائیڈن کی انتظامی تقرریوں اور وعدے وعید کی بناء پر بالعموم دنیا بھر میں اور بالخصوص خلیج میں ٹرمپ کی جارحانہ پالیسیوں میں واضح اور یقینی تبدیلیوں کی امید لگائے بیٹھی ہے۔ جو بائیڈن نے دنیا بھر اپنی خارجہ پالیسی میں انسانی حقوق کی پامالی کے خلاف اور جنوبی ایشیا میں جو بڑی تبدیلیوں کا اشارہ دیکر امریکا کی ساکھ بہتر بنانے کا جو وعدہ کیا ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا امریکا کے پالیسی ساز ادارے ٹرمپ پالیسیوں سے "یوٹرن" لینے کا ارادہ کرچکے ہیں یا ایک مرتبہ پھر سازشوں کا ایک ایسا نیا جال تیار کیا جائے گا جہاں صیہونی عزائم کی تکمیل میں کوئی رخنہ نہ پڑ سکے۔ جو بائیڈن نے اپنے ایک غیر سرکاری بیان میں کچھ شرائط کے ساتھ ایران کے بائیکاٹ ختم کرنے کا جہاں عندیہ دیا ہے وہاں انسانی حقوق کے حوالے سے اپنے دیرینہ حلیف سعودی عرب کو دی ہوئی رعایات کو پابندیوں میں جکڑنے کا عمل شروع کریں گے اور اس سلسلے میں "جمال خاشقجی" کے مبینہ قتل سے آغاز کیا جاسکتا ہے۔ یوں لگ رہا ہے کہ سعودی عرب اور اس کے اتحادیوں کی طرف سے قطر کے خلاف مغرب اور امریکا میں چلائی گئی بائیکاٹ میں ان کو نہ صرف شکست ہوگئی ہے بلکہ قطر نے ایران کی معاونت سے بڑی تندہی کے ساتھ نہ صرف امریکی کانگرس اور سینیٹ بلکہ امریکی عوام کے اندر چلائی گئی میڈیا مہم میں خاصی کامیابی حاصل کرلی ہے اور یقیناً انہوں نے اپنے اس مشن کو اپنے انجام تک پہنچانے کیلئے جو بائیڈن کے انتخابات میں اپنے کارڈ کو بہترین انداز سے استعمال کیا ہے۔ امریکا میں جہاں انتخابات کی گہما گہمی تھی وہاں امریکی ایوان کی مستقل سلیکٹ کمیٹی کے سامنے عرب اور امریکا کی انٹیلی جنس تعلقات پر بحث جاری تھی جہاں سی آئی اے کے ایک سنیئر اہلکار "بروس ریڈیل" کی گواہی نے بہت سے خدشات کو یقین میں بدل دیا ہے اور ان حالات کا سب سے زیادہ فائدہ صیہونی طاقتوں نے اٹھایا ہے جس کیلئے ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں پہلا قدم رکھتے ہی اپنے یہودی نژاد داماد "جیرڈ" کو خلیجی ممالک سے اسرائیل کو تسلیم کروانا اور چین کے بڑھتے ہوئے معاشی اثر ورسوخ کے آگے بند باندھنا تھا۔ چین بروقت اور تیزی سے ان خطرات کا ادراک کرتے ہوئے خطے میں اس کا تدارک کرتے ہوئے کامیاب نظر آرہا ہے تاہم خلیجی ممالک کی آپس کی کشمکش اور باہم خانہ جنگی نے ان کو کمزور ہدف بنادیا ہے اور اسرائیل کو تسلیم کرنے اور خطے میں اس کی بالادستی ماننے کے باوجود اپنی سلامتی کیلئے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں اور سعودی وزیر خارجہ کے اسرائیل کو تسلیم کرنے کے مشروط اعلان نے ساری قلعی کھول دی ہے۔

یقیناً سعودی عرب مشرق وسطیٰ میں امریکا کا سب سے پرانا اتحادی ہے۔ یہ 1943ء کی بات ہے جب امریکی صدر فرینکلن روزویلٹ نے سعودی عرب کے بادشاہ کو دعوت دی کہ وہ اپنے بیٹوں کو واشنگٹن کے دورے پر بھیجیں تاکہ امریکا اور سعودی عرب کے درمیان بات چیت کا آغاز کیا جاسکے۔ بادشاہ نے اپنے بیٹے فیصل کو بھیجا جو بعد میں بادشاہ بنے۔ 1945ء میں ویلٹائن کے دن مصر میں تاریخی اجلاس ہوا جس میں امریکا نے ابن سعود کے ساتھ براہ راست معاہدہ کیا۔ یہ معاہدہ امریکا اور سعودی عرب کے درمیان ہمیشہ بہت سادہ رہا ہے۔ اس معاہدے کے تحت امریکا نے سعودی عرب کے تواناتی کے ذخائر تک رسائی حاصل کی اور بدلے میں سعودی عرب کی داخلی اور خارجی سلامتی کی ذمہ داری اٹھائی۔

امریکی، سعودی سلامتی اور انٹیلیجنس تعلقات سے متعلق سماعت کے دوران انٹیلیجنس سے متعلق ایوان کی مستقل سلیکٹ کمیٹی کے سامنے بروس ریڈیل نے گواہی دیتے ہوئے کہا کہ "1977ء میں جب سے میں نے سی آئی اے میں شمولیت اختیار کی، تب سے میں ان تعلقات پر نظر رکھے ہوئے ہوں۔ ان تعلقات میں اتار چڑھاؤ آتا رہا ہے جیسا کہ 1991ء کی جنگ خلیج میں تعاون اپنی انتہا پر تھا اور اسی طرح 1973ء میں جب سعودی عرب نے تیل کی امریکا درآمد پر پابندی لگائی تو دونوں ممالک کے درمیان تعلقات خرابی کی انتہا کو چھو رہے تھے۔ پھر 19 برس قبل 11 ستمبر کا واقعہ پیش آیا لیکن اب سعودی عرب کے ساتھ جو تعلقات تشکیل پا رہے ہیں وہ اس سب سے مختلف ہیں جو گزشتہ 75 برسوں میں میں نے دیکھا ہے۔

حالیہ عرصے میں شاہ سلمان اور ان کے بیٹے ولی عہد محمد بن سلمان نے سعودی عرب میں ایک تسلسل کے ساتھ ایسی جارحانہ خارجہ پالیسیوں کا آغاز کیا جو نہ صرف نقصان دہ ہیں بلکہ خطے میں اور دنیا بھر میں امریکی مفادات کیلئے بھی نقصان دہ ثابت ہورہی ہیں۔ ان سب پالیسیوں کے روح رواں ولی عہد ہیں۔ ہر نئی پالیسی کے پیچھے ولی عہدی نظر آتے ہیں اور وہ ہر کام پر مکمل عملدرآمد تک خود نگرانی کرتے ہیں، اس بات کا اندازہ جمال خاشقجی کے قتل والے معاملے سے بھی لگایا جاسکتا ہے لیکن سارے عمل میں شاہ سلمان کی اہمیت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ ولی عہد کے ہر اقدام کا نہ صرف قانونی جواز فراہم کرتے ہیں بلکہ ولی عہد کی ہر کارروائیوں کو تحفظ بھی فراہم کرتے ہیں۔

سعودی عرب گزشتہ کئی دہائیوں سے بہت محتاط اور ہر قسم کے خطرات سے دور رہنے والی مملکت ہے۔ یہ مسائل سے نمٹنے کیلئے فوجی قوت کے استعمال کی بجائے مالی وسائل خرچ کرنے کو ترجیح دیتی تھی۔ اسی طرح منظر نامے پر آنے کے بجائے پس پردہ رہ کر کام کرنے پر ترجیح دی جاتی تھی۔ محمد بن سلمان کے اقتدار میں آنے کے بعد گزشتہ پانچ برسوں میں یہ سب کچھ (جاری ہے)

خدائی خدمتگار مرحوم ملک سید عالم شاہ پیچی کی دوسری برسی

سید رحمت اللہ

ملک عالم شاہ پیچی نے پرائمری تک تعلیم گورنمنٹ مڈل ہائی سکول بسی سے حاصل کی قبائلی مسئلے کے خاتمے کے بعد بسی سے واپسی پر آپ کے خاندان نے واپس اپنے آبائی گاؤں گلی چاپ ضلع ہرنائی میں سکونت اختیار کی اس کے بعد ملک عالم شاہ پیچی نے اپنے تعلیمی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے گورنمنٹ ہائی سکول ہرنائی میں داخلہ لیا اور یہاں سے میٹرک پاس کرنے کے بعد گورنمنٹ ڈگری کالج ہرنائی سے بیچلر ڈگری حاصل کی مرحوم ملک عالم شاہ پیچی نے ماسٹر اردو سبجیکٹ میں بلوچستان یونیورسٹی سے کیا مرحوم زمانہ طالب علمی میں سٹوڈنٹس تنظیموں میں بھی سرگرم عمل رہے مرحوم ملک عالم شاہ پیچی نے سیاست کا باقاعدہ آغاز 2003 میں پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی سے کیا مرحوم پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی کے پلیٹ فارم سے عوام اور علاقے کے حقوق کیلئے سرگرم عمل رہے بعد میں پارٹی کے اندر عوام اور علاقے کے مسائل کے حل کیلئے غیر سنجیدگی کو دیکھ کر ملک عالم شاہ پیچی نے پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی سے مستعفی ہوکر 2008 میں عوامی نیشنل پارٹی میں سابق صوبائی وزیر ملک سلطان ترین کی قیادت میں شمولیت اختیار کی اور پشتون کے حقوق کیلئے پشتون قومی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا آپ خدائی خدمتگاری کے جذبے سے سرشار تھے آپ چاہئے دن ہو یا رات کسی کے بھی خوشی اور غم میں حاضر ہوتے اپنے قریبی ساتھی ہونے کے ناطے ان کیساتھ کئی مواقعوں پر سیاسی تندوتیز بحث بھی ہوئی مگر وہ ہر کسی کی بات تحمل اور حوصلہ کیساتھ سنتے اور دلائل کیساتھ سامنے والے کو اپنی بات پر قائل کرتے سیاسی حوالے سے ملک عالم شاہ پیچی کے قریب تر رہا وہ سیاسی معاملات میں ہمیشہ صلاح ومشورہ کیا کرتے تھے ملک صاحب کیساتھ قربت ہونے کی وجہ سے ان سے سیاست کے گر سیکھنے کا موقع ملا اپنے سیاسی کیریئر میں فخر افغان باچاخان بابا کے پیروکار اور اپنے قریبی ساتھی ملک عالم شاہ پیچی کو بڑے بھائی کی طرح شفیق پایا سیاست کا میدان ہو قبائلی رسم ورواج ہو، کھیل کھود کا میدان ہو یا پھر سماجی میدان ہو ملک عالم شاہ پیچی ہمہ وقت مصروف عمل رہے اور اپنی خداداد صلاحیتوں کا عملی اظہار کرتے رہے وہ عوام کے مقبول رہنما تھے ان کے خدمات کا اعتراف مخالف پارٹی کے رہنما اور ورکر بھی کرتے تھے کیونکہ وہ ذاتی طور پر بلا رنگ، نسل، قومیت، مذہب اور انسانیت پر یقین رکھتے تھے انہیں پشتون قوم کی پسماندگی، غربت، فرسودہ قبائلی نظام، سیاسی شعور، اپنی سرزمین کی اہمیت اور قدرتی وسائل سے نابلد ہونے کا رنج ستاتا تو کہتے کہ ہمیں آج بھی فخر افغان اور عظیم خدائی خدمتگار خان عبدالغفار خان المعروف باچاخان اور رہبر تحریک خان عبدالولی خان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پشتونوں کو دنیا کے حالات اور واقعات سے روشناس کرانا ہوگا مرحوم ملک عالم شاہ پیچی پشتون قوم کی ترقی، خوشحالی، امن امان، تابناک مستقبل اور دنیا کی ترقی یافتہ ممالک اور اقوام میں کھڑے ہونے کیلئے دینی وعصری تعلیم کے حصول کا واحد ذریعہ سمجھتے تھے آپ ہمیشہ نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے پر زور دیتے تھے ملک عالم شاہ پیچی کہا کرتے تھے کہ پشتونوں کی واحد نمائندہ جماعت عوامی نیشنل پارٹی ہے جو دشمنوں کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن کر پشتون قوم کے حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے جو اپنے حقوق کیلئے پرامن احتجاج کا راستہ اپناتے ہوئے خون کے نظرانے بھی پیش کررہی ہے اور تاریخ ثابت کرے گی کہ پشتون قوم کی ترقی وخوشحالی، امن وامان کی بحالی، بہتر مستقبل کی ضمانت، قومی تشخص اور قومی وسائل کی تحفظ کیلئے عوامی نیشنل پارٹی نے جنگ بھی لڑی اور شہدا بھی دیئے عوامی نیشنل پارٹی آج بھی اپنے موقف پر قائم ہے اور اپنے موقف سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹی ملک عالم شاہ پیچی نے 2013 کے الیکشن میں پارٹی ٹکٹ کیلئے کاغذات جمع کرائے مگر پارٹی ٹکٹ ان کے بجائے پارٹی میں نئے آنے والے ایک شخص کو دیا گیا جس کی وجہ سے اس وقت کے پارٹی کے صوبائی قیادت کے غلط فیصلے کے خلاف انہوں نے آزاد حیثیت سے الیکشن لڑا مگر انہیں کامیابی نصیب نہیں ہوئی اور اسکے بعد پارٹی سے سائیڈ پر ہوگئے مگر باچاخان بابا کے سوچ وفکر پر عمل پیرا رہے اور کسی بھی دوسری پارٹی میں شمولیت اختیار نہیں کی اللہ تعالیٰ نے انہیں خداداد صلاحیتیں عطاء کی تھیں وہ اعلیٰ پائے کے مقرر بھی تھے مالی حالات کمزور ہونے کے باوجود انہوں نے دن رات عوام کی ہر ممکن خدمت کی بھی بھی مرحوم نے اپنے ساتھیوں کو اپنی غربت محسوس ہونے نہیں دی مرحوم ملک عالم شاہ پیچی 2018 میں عوامی نیشنل پارٹی سے اپنی دوری ختم کرکے پارٹی میں واپس آنا چاہتے تھے یہ ذکر انہوں نے کئی مرتبہ گفتگو کے دوران کیا مگر زندگی نے ان کے ساتھ وفا نہیں کی اور ملک عالم شاہ پیچی 10 نومبر کی شب کو حرکت قلب بند ہونے سے زندگی کی بازی ہار گئے مرحوم کی موت کی خبر پورے علاقے میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی مرحوم کے آخری دیدار اور نماز جنازہ میں شرکت کرنے کیلئے سیاسی رہنما، کارکنان اور شہری آمڈ آئے پورا شہر سوگوار تھا شہری اپنے محسن کے بچھڑنے پر آفسردہ نظر آئے نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد مرحوم کو اپنے آبائی علاقے گلی چاپ میں 11 نومبر 2018 کو سپرد خاک کردیا گیا آج مرحوم کی دوسری برسی کے موقعے پر ہم پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ پشتون قوم کی بقا اور پشتونوں کو غاصبوں کے چنگل سے چھڑانے، قومی وسائل کی تحفظ اور قوم کو درپیش مشکلات سے نکالنے کیلئے اپنا قومی فریضہ باحسن طریقے سے ادا کریں۔

روحانی طاقت (آخری قسط)

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

لیکن قدرت نے حضرت عمر کی نظروں کے سامنے سے سارے حجابات اٹھادیئے اور حضرت عمر میدان جنگ کو اپنی آنکھوں سے اس طرح دیکھ رہے تھے جیسے خود میدان جنگ میں موجود ہوں۔

اس غیر معمولی مثال سے آپ کو ماننا پڑے گا کہ قدرت جب چاہے روحانی مدد کے ذریعے انسان کی مدد کرکے حالات واقعات کو تبدیل کرسکتی ہے اسی طرح فارس میں ہی مسلمان فوج کے سامنے فخاخیس مارتا دریا آگیا مسلمانوں کے سپہ سالار سعد بن ابی وقاص تھے انہوں نے خدا پر توکل کرتے ہوئے دریا کی منہ زور موجوں کو حکم دیا کہ یہ مسلمانوں کی فوج ہے جو دین الٰہی کے لیے کافروں سے جنگ کرنا چاہ رہی ہے لہٰذا تم ہماری فوج کو راستہ دو اور مسلمان فوج کو کسی قسم کا نقصان نہیں ہونا چاہیے دریا کو حکم دینے کے بعد آپ نے فوج کو دریا میں اترنے کا حکم جاری کردیا پھر دریا کے دوسرے کنارے فارس کی فوج نے اپنی جاگتی آنکھوں سے حیران کن منظر دیکھا جب مسلمانوں کی فوج فخاخیس مارتے دریا کے درمیان سے حفاظت سے دوسرے کنارے پہنچ گئیں کافر فوجیں دہشت کے عالم میں پھٹی نظروں سے یہ حیران کن منظر دیکھ رہی تھیں کہ ساری کی ساری فوج کتنے آرام سے دریا کراس کرگئی اس منظر کو دیکھ کر ایرانی فوج خوف دہشت سے الٹے قدموں بھاگ کھڑی ہوئی کہ دیوآگئے دیوآگئے اگر اس وقت مسلمانوں کی مدد روحانی طور پر نہ ہوتی تو پتہ نہیں فارس کی فتح میں اور کتنا عرصہ لگتا یہ روحانی مدد ہی تھی کہ مسلمان فوج دریا پار کرکے کافروں کو شکست دینے میں کامیاب ہوئی تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ روحانی قوتوں کی مدد سے اُس وقت کی سپر پاور کو شکست دی گئی۔

پھر وہ ایمان افروز واقعہ بھی تو تاریخ عالم کے سینے پر نقش ہے جب مسلمانوں کی فتح کے بعد دریائے نیل خشک ہوگیا تو اہل مصر نے بتایا کہ ہر بار جب دریائے نیل خشک ہوتو ایک نوجوان دوشیزہ لڑکی کو دلہن بنا کر اُس کو ذبح کرکے اُس کا خون دریا کو پیش کیا جاتا ہے تو پھر دریائے نیل انسانی خون پینے کے بعد دوبارہ رواں ہوتا ہے مسلمان گورنر کو جب یہ بتایا گیا تو اُس نے ساری بات لکھ کر امیر المومنین حضرت عمر فاروق سے مشورہ مانگا کہ ہمارے لیے کیا حکم ہے تو حضرت عمر فاروق نے خدا پر توکل کرتے ہوئے ایک خط دریائے نیل کے نام لکھا جس میں صرف یہ لکھا بسم اللہ الرحمن الرحیم اے دریائے نیل اگر تو خدا کے حکم سے چلتا ہے تو چل ورنہ تیرے پانی کی ہمیں ضرورت نہیں ہے۔ یہ خط جب گورنر کو ملا تو اُس نے یہ خط دریائے نیل میں ڈال دیا خط جیسے ہی دریا کی خشک مٹی سے ٹکرایا دریائے نیل کا پانی اُبل پڑا دو دن اور آج کا دن پھر دوبارہ کبھی دریائے نیل خشک نہیں ہوا اور نہ ہی دوبارہ کبھی نوجوان لڑکی کو ذبح کرکے اُس کا خون دریائے نیل کو قربانی کے طور پر پیش کیا یہ حضرت عمر فاروق کو خدا کی روحانی مدد تھی اس واقعے کے پیچھے بھی روحانی جہت ہی کارفرما تھی اس واقعے کے دشمنوں پر گہرے اثرات مرتب ہوئے مسلمانوں کی حقانیت سچائی واضح ہوگئی اس واقع کے آنے والے دور پر گہرے سیاسی جغرافیائی اثرات مرتب ہوئے روحانیت کے منکرین کے لیے یہ ایک واضح ناقابل تردید مثال ہے پھر اُس حیرت انگیز ایمان افروز واقع کو کیسے فراموش کیا جاسکتا ہے۔

جب حضرت خالد بن ولید ایک مرتبہ میدان جنگ میں مصروف جنگ تھے کہ مخالف کمانڈر نے آپ کو للکارتے ہوئے کہا ہم ناقابل شکست ہیں آپ ہمارا مقابلہ اس لیے نہیں کرسکتے کہ ہماری فوج طاقتور مہلک اسلحے سے لیس ہے ہماری تلواروں پر جان لیوا زہر لگا ہوا ہے جو کسی کو چھو بھی جائے تو اُس زہر سے اُس کی موت یقینی ہے انسان زندہ نہیں بچ سکتا تو سیف اللہ خدا کی تلوار ایمان سے لبریز لہجے میں بولے لاؤ زہر کی شیشی جو تم نے تلواروں پر لگا رکھا ہے پھر وہ مہلک جان لیوا زہر کو اللہ کا نام لے کر اپنے حلق میں انڈیل لیا کفار یہی نظروں سے خالد بن ولید کو دیکھ رہے تھے جن پر خطرناک زہر کا بالکل بھی اثر نہ ہوا خالد بن ولید کی روحانی طاقت اور خدا پر یقین کا یہ لازوال مظاہرہ دیکھ کر کافروں نے شکست قبول کی یہاں پر بھی خدا کی روحانی مدد نظر آتی ہے حدیث مبارکہ میں ارشاد ہے مومن کی فراست سے ڈرو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے تاریخ اسلام کے سنہرے واقعات کا جب ہم مطالعہ کرتے ہیں تو حیران کن حقائق سامنے آتے ہیں اس قدر حیران کن مثالوں سے واسطہ پڑتا ہے اور انسان یہ سوچنے پر مجبور ہوجاتا ہے کہ بلاشبہ مسلمانوں نے اپنے زور بازو پر بے مثال فتوحات حاصل کیں لیکن اُن فتوحات کے پیچھے ہمیں واضح مثالیں ملتی ہیں جب اُن کی پشت پر روحانی قوتیں اثر انداز ہوتی آئی ہیں تاریخ اسلام کے ہر بڑے معرکے کے پیچھے ہمیں روحانی قوت پوری طرح اثر انداز ہوتی نظر آتی ہے۔

قیدی نمبر 650 اور انڈین کرونیکلز

رویل اکبر

انسانی حقوق کا عالمی دن 10 دسمبر کو منایا گیا ایک طرف اپنے آپ کو انسانی حقوق کا علمبردار ظاہر کرنے والے امریکہ نے ہی انسانی حقوق کی دھجیاں آزائی ہوئی ہیں تو دوسری طرف امریکہ کے بغل بچے بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہوچکا ہے جس نے بھارتیوں کا جعلی اور مکروہ چہرہ بے نقاب کردیا انڈین کرونیکلز جیسی سازش سامنے آچکی ہے اور مقبوضہ جموں کشمیر میں انسانی حقوق کی پامالی کا فسانہ بھی انہی فنڈوں سے لکھا ہے بھارتیوں کے مظالم کی بات کرنے سے پہلے اپنی بہن ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے بارے میں لکھنا چاہتا ہوں اور میں نے اپنے کیریئر میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی جیسا (ناانصافی پر مبنی) کیس کبھی نہیں دیکھا جسے امریکہ میں قید ہوئے 17 سال سے زائد ہوگئے ہیں۔

سندھ کے دارالحکومت کراچی میں 2 مارچ 1972 کو پیدا ہونے والی قوم کی بہادر بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی حافظ قرآن اور ہارورڈ یونیورسٹی سے اعزازی پی ایچ ڈی کرنے والی دنیا کی واحد نیوروسائنٹسٹ ہیں جو 144 اعزازی ڈگریاں اور سرٹیفکیٹ بھی رکھتی ہیں یہاں تک کہ ایک بھی امریکی اس کی قابلیت سے مماثل نہیں ہے اسے اپنے 3 بچوں کے ہمراہ، کراچی سے تعلق رکھنے والی ایف بی آئی نے حکومت کی مدد سے، القاعدہ کے ساتھ اپنے رابط

شال بقیہ 1

پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اے ایس ایف ٹرینیز کی معیاری ٹریننگ سے ایوی ایشن سیکیورٹی بہتر ہوگیا آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ اے ایس ایف ٹرینیز کی تربیت سے ہوا بازی کے تحفظ کے معیار میں اضافہ ہوگا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف نے اے ایس ایف اکیڈمی میں 48 بیسک ایوی ایشن سیکیورٹی کورس پاسنگ آؤٹ پریڈ میں شرکت کی، آرمی چیف کا اکیڈمی میں ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل ظفر الحق نے استقبال کیا، حاضر سروس، ریٹائرڈ عہدیداروں اور پاسنگ آؤٹ ٹرینیز کے اہل خانہ کی بڑی تعداد نے پریڈ کا مشاہدہ کیا۔ آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے ایس ایف ٹرینیز کی تربیت سے ہوابازی کے تحفظ کے معیار میں اضافہ ہوگا۔ آرمی چیف نے اے ایس ایف ٹرینیز کی تربیت اور کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا اور فورس میں خواتین کی شرکت کو بھی سراہا۔ انہوں نے ٹرینیز اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کیں اور پوزیشن حاصل کرنے والوں میں انعامات تقسیم کیے۔ بعد ازاں آرمی چیف نے ہیڈ کوارٹرز پاکستان رینجرز سندھ کا بھی دورہ کیا جہاں میجر جنرل عمر احمد بخاری نے ان کا استقبال کیا۔ آرمی چیف نے کراچی میں امن واستحکام برقرار رکھنے میں سندھ رینجرز کے تعاون کو سراہا اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آرمی چیف نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر بھی چڑھائی۔

شال بقیہ 2

معاشی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس سے قبل وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے بھی اپنی ٹوئٹ میں کہا کہ پچھلے ایک ماہ میں ملک میں چینی کی اوسط قیمت میں 31 روپے فی کلو کمی ہوئی ہے، جب بگڑا ہوا نظام بدلنے کی کوشش ہوتی ہے تو اس نظام سے مستفید ہونے والے مزاحمت کرتے ہیں اور اگر وہ طاقتور لوگ ہوں تو مزاحمت زیادہ ہوتی ہے لیکن اگر حکومت نیک نیت اور باہمت ہو تو آخر کار کامیاب ہوتی ہے۔ واضح رہے کہ گزشتہ حکومت میں چینی کی قیمت 57 روپے فی کلو سے کم تھی تاہم گزشتہ برس اس کی قیمت 120 روپے فی کلو تک بھی جا پہنچی تھی۔

شال بقیہ 3

ہیلتھ کے ذرائع کے مطابق تربت سمیت ضلع بھر کے عوام غفلت کا مظاہرہ کر کے کرونا وائرس کا ٹسٹ نہیں کروا رہے ہیں، او۔پی۔ڈیز میں ڈاکٹرز آنے والے مریضوں میں کلاٹ دیکھ کر انہیں ٹسٹ کرانے بھیجواتے ہیں، اب تک ایسے 3521 افراد کا ٹسٹ کرایا گیا ہے، جس میں 719 لوگوں میں کرونا وائرس ٹسٹ پازیٹو آگئے ہیں، جبکہ 9 سے زائد ٹسٹ کے رپورٹس نہیں آئے ہیں، انکو انکے گھروں میں آئسولیٹ اور 18 مریضوں کو انکے گھروں میں کورنٹائن کرایا گیا ہے، ضلع میں کرونا وائرس سے کچھ اموات کی بھی اطلاعات ہیں لیکن ابھی تک 3 اموات رپورٹ ہوئی ہیں، جو کرونا وائرس سے انتقال کر گئے ہیں، واضح رہے کہ ٹیچنگ ہسپتال تربت میں ضلع پنجگور، گوادر، پسنی سمیت مکران ڈویژن کے مختلف علاقوں سے لوگ علاج کیلئے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال آتے ہیں، لیکن ذرائع کے مطابق یہاں صرف 4 وینٹی لیٹرز ہیں جن میں تین نئے وینٹی لیٹرز تاحال انسٹال نہیں کیے گئے ہیں۔

شال بقیہ 4

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جبر کا شکار مظلوم کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ مجاہد انور خان نے کہا کہ اندرونی اور بیرونی محاذوں پر ملک کو درپیش خطرات سے نمٹنے کے لیے پاک فضائیہ دیگر مسلح افواج کے ساتھ ہر وقت تیار ہے۔ پی اے ایف ایئر مین اکیڈمی سے 1474 ایئر اپرنٹس نے ٹریننگ مکمل کی، پاس آؤٹ کرنے والوں میں پاکستان کے علاوہ بنگلا دیش، سری لنکا اور نیپال کے ٹرینیز بھی شامل ہیں۔

شال بقیہ 5

پراپیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط، میجر جنرل دلاور خان، سی او فائیو لاہت کمانڈو X و X کرنل محمد سلطان محمود، ڈی جی لیویز مجیب الرحمن، سمیت دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ اپنے خطاب میں وزیر داخلہ نے امن کیلئے میدان عمل میں اترنے والوں لیویز اور ایس ایس جی کمانڈوز کے فارغ التحصیل جوانوں اور ان کے والدین کو مبارکباد، خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو آپ نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں پر فخر ہے انہوں نے کہا کہ تربیت کی سہولیات فراہم کرنے پر پاک فوج کے بھی شکر گزار ہیں پاک فوج کے جوانوں نے دہشتگردی کے خاتمے کے لیے عظیم قربانیاں دیں تقریب کے اختتام پر پاس آؤٹ ہونے والے اہلکاروں تعزیریت پر اعتماد کا اظہار کیا اور عوام کے تحفظ کیلئے ہمہ وقت کوشاں رہنے کے عزم کا بھی اظہار کیا ٹریننگ کے دوران اچھی کارکردگی دکھانے جوانوں میں معزز مہمانوں نے انعامات بھی تقسیم کیا گیا۔

شال بقیہ 6

واپس بھی لے لی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل اسمبلی کے ممبر کی اہمیت نہیں ہے، اور وہ لوگ پی ٹی آئی سے رابطہ میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن میڈیا کے ذریعہ ماحول بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن رہنما اسپیکر کو استعفیٰ دیں مریم یا بلاول کو دینے کی کیا ضرورت ہے؟ استعفیٰ دینے کیلئے کہیں تو 24 گھنٹے سروس دے دیتے ہیں، 8 تاریخ کو کچھ نہیں ہوا 13 تاریخ کو کچھ نہیں ہوگا، لوگ استعفیٰ دے کر پاس رکھ لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے اپوزیشن کو نیب اور این او کے علاوہ قومی مسائل پر بات کرنے کی آفر کی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری سرحدوں پر خطرہ منڈلا رہا ہے، پاکستان میں دہشتگردی میں را اور بھارت ملوث ہے دہشتگردی سمیت دیگر قومی ایشوز پر اپوزیشن ہم سے بات کرے، کشمیریوں کا ساتھ بھارت کی مذمت پر اپوزیشن کا حکومت سے تعاون اور بات کرے، بھارت ڈیم بنا کر ہمیں بنجر بنانا چاہتا ہے اپوزیشن اس معاملے پر ہم سے بات کرے، سیاست دانوں کو بچوں سے سبق سیکھنا چاہیے، وزیراعظم کی آفر کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے ہم ڈر نہیں رہے، ناکامیں حکومت کی نہیں اپوزیشن کی کانپ رہی ہیں، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی میرے خیال میں استعفیٰ نہیں دے گی۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کا بڑا دھڑا استعفیٰ کے حق میں نہیں، (ن) لیگ میں دھڑا بندی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اخبار میں پڑھا کہ پنجاب میں (ن) لیگ کے ممبر پنجاب حکومت سے رابطہ میں ہیں، (ن) لیگ کے ممبر کہتے ہیں ہم اپنے لیڈر کو استعفیٰ دیں گے ایک لیڈر ٹیل دوسرا اشتہاری ہے، استعفیٰ سیاسی نعرہ ہے حقیقت نہیں۔ غلام سرور خان نے کہا کہ شیخ رشید بطور وزیر داخلہ احسن طریقے سے نبھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایئر سروسز معاہدوں کے تحت پاکستان اور برطانیہ میں

شال بقیہ 7

فضائی آپریشن جاری رکھ سکتے ہیں، ایاسا کی جانب سے یورپ میں پی آئی اے کے داخلے پر پابندی ہے، برطانیہ کی جانب سے پی آئی اے پر پابندی نہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کراچی طیارہ حادثہ رپورٹ ترتیب دے دی ہے، اب جب بھی قومی اسمبلی کا سیشن ہوگا مکمل انکوائری رپورٹ پیش کر دی جائیگی۔ انہوں نے کہا کہ جہاز نے پیسے کھولے بغیر لینڈ کرنے کی کوشش کی، کوئی بھی وزیر یا سیکرٹری ہو، انکوائری سیکرٹری کے حکم پر ہوئی، جو فلٹس گھر نہ بھیجے گئے وہ اسمبلی میں بتائے۔

شال بقیہ 7

رائس کونسل اس سارے معاملے کا فوری نوٹس لے۔ ترجمان نے کہا کہ سوئٹزرلینڈ اور بلجیم این جی اوز کو فنڈز فراہمی معاملے کی تحقیقات کرے۔ ترجمان یورپی یونین بھی پاکستان کے خلاف چلائی جانے والی مہم پر موثر کارروائی کرے۔ ترجمان نے کہا کہ دنیا نے دیکھ لیا ہے کس طرح بھارت دہشت گردی اور پراپیگنڈا پاکستان کے خلاف کرتا ہے۔

شال بقیہ 8

وسائل کا بہتر استعمال کر کے پیداوار بڑھانے میں مدد ملے گی بلکہ وسط اور طویل مدت کے لیے زیر زمین پانی کی سطح میں بھی بہتری آئے گی۔ پروگرام کے ذریعے عوامی توسیع کی خدمات کو مضبوط بنانے پر بھی توجہ دی جائے گی تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کاشتکاروں کو زراعت اور مویشیوں کے لیے مناسب مقدار میں پانی ملتا رہے۔ اس پروگرام پر اقوام متحدہ کی تنظیم برائے خوراک و زراعت مقامی پارٹنرز کے ساتھ مل کر عملدرآمد کروائے گی۔ یورپی یونین کی طرف سے صوبائی حکومت کو 3 ارب 40 کروڑ روپے 8.1 کروڑ یورو صوبے کے تعلیمی نظام کو مضبوط بنانے کی اس کی کوششوں میں مدد کے لیے بھی فراہم کیے جائیں گے۔ بلوچستان ایجوکیشن سپورٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کیا جائے گا کہ تمام بچوں کو بنیادی تعلیم تک رسائی حاصل ہو اور تعلیم کے معیار میں بہتری لائی جاسکے۔ اس چار سالہ پروگرام پر اقوام متحدہ چلڈرنز فنڈ (یونیسیف) کے ذریعے عملدرآمد کیا جائے گا جبکہ اس کے ذریعے اسکول ڈیولپمنٹ کی منصوبہ بندی کے لیے مقامی برادریوں، اساتذہ کی تربیت میں بہتری کے لیے مدد اور مضبوط تعلیمی اداروں کی معاونت کی جائے گی۔ کورونا کے تناظر میں پروگرام کے ذریعے محفوظ طریقے سے اسکول دوبارہ کھولنے کے لیے ایس او پیز اور مخصوص اضلاع میں بچوں کو پڑھائی کی جانب دوبارہ راغب کرنے پر توجہ دی جائے گی۔ پروگرام کے ذریعے تخلیقی حل عصر کو بھی متعارف کرایا جائے گا جس میں مرکزی تعلیمی پالیسی میں متوازی تعلیمی نظام شامل کرنا بھی ہے۔

شال بقیہ 9

کیخلاف مقدمات درج کروائیں گے۔ مینار پاکستان کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پنجاب جاگ اٹھا ہے، سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان جاگ اٹھے ہیں، تیرہ دسمبر کو مینار پاکستان پر تاریخ کا عظیم الشان جلسہ ہوگا، جو ظالم نااہل سلیکٹڈ حکمرانوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری کسی کی ذات سے دشمنی نہیں ہے، ملک کے تمام طبقات مزدور، کسان، وکلاء، ڈاکٹرز انجینئرز سمیت سب نے حکومت کے خلاف نفرت کا اظہار کر دیا ہے، پی ڈی ایم کی نہیں قوم کی تحریک ہے اور حکومت کو جلد گھر بھیجیں گے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی نے سمجھداری کا مظاہرہ کیا کہ رکاوٹیں نہیں ڈال رہے، ہم نے کہیں بھی قانون ہاتھ میں نہیں لیا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے یوٹیلٹی بل پھاڑے، قوم سے اپیل کی سول نافرمانی کریں، کوئی حکومت کو بل اور ٹیکس نہ دے لیکن ہم نے ایسی کوئی بات نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ جلسہ اور ہم پر امن ہیں، جلسہ قوم کا ریفرنڈم ہوگا، تمام اضلاع سے قافلے آئیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کرونا سمجھدار ہے جو عمران کے جلسے میں نہیں جاتا لیکن اپوزیشن کے جلسے میں آجاتا ہے، عمران خان اتنا جھوٹ بولتے ہیں کہ ملتان کے جلسے کے بعد ہسپتال بھر گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ تحریک ہے کوئی حادثاتی جلسہ نہیں جو رک جائے گا، اگر حکمران دہشتگردی کا ارتکاب نہ کریں تو کوئی دہشتگردی نہیں، دہشتگرد کا حلیہ بتاتے ہیں رنگ داڑھی بتاتے لیکن گرفتار نہیں کرتے، اگر دہشتگردی کا واقعہ ہوا تو عمران خان اور وزراء کے خلاف مقدمات درج کروائیں گے، حلیہ بتانے والے دہشتگردوں کو کیوں گرفتار کیوں نہیں کرتے۔

شال بقیہ 10

تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ تحصیلات کے مطابق پی ڈی ایم کی تحریک کے پہلے مرحلے کا آخری جلسہ آج اتوار کو مینار پاکستان پر شیڈول ہے تاہم اپوزیشن نے حکومت کی جانب سے کسی بھی طرح کی رکاوٹ کی صورت میں حکمت عملی کے طور پر سڑک پر بھی جلسہ کرنے کی منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن نے حکومت کی جانب سے ممکنہ رکاوٹوں کے پیش نظر متبادل پلان بھی تیار کر رکھے ہیں جس کا مقصد جلسے کو کسی نہ کسی صورت کامیاب بنانا ہے۔

شال بقیہ 11

مقامات پر گرے جس سے شہر میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ افغان وزارت داخلہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ایئرپورٹ پر داغے گئے راکٹ سے ایک جہاز کو بھی معمولی نقصان پہنچا ہے، ایک شخص ہلاک اور دو کے زخمی ہونے کی اطلاع ہیں تاہم آزاد ذرائع کے مطابق ہلاکتوں کی تعداد زیادہ ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ دارالحکومت میں مزید 9 راکٹس بھی داغے گئے ہیں جو عوامی مقامات پر گرے، یہ راکٹس ایک گاڑی سے داغے گئے۔ تاحال کسی گروپ نے حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔

شال بقیہ 12

کے رہائشی محمد حسین نامی شخص جاں بحق ہوا، دوسرا حادثہ آج کالج روڈ چاکر اعظم چوک تربت پر پیش آیا، ٹریکٹر اور موٹر سائیکل میں تصادم سے موٹر سائیکل سوار ایک نوجوان رحمان ولد صالح موقع پر جاں بحق جبکہ اسکے دوسرا ساتھی سلمان ولد عبدالصمد شدید زخمی ہوا جنہیں ٹیچنگ ہسپتال تربت منتقل کر دیا گیا، دونوں تربت شہر کے علاقے چاہ سر کے رہائشی بتائے جاتے ہیں، فیملی کی جانب سے زخمی سلمان کو بہتر علاج کیلئے کراچی منتقل کیا جا رہا ہے، پولیس کے مطابق ڈرائیور کو جائے وقوعہ پر گرفتار کر کے اسکے ٹریکٹر کو تحویل میں لے لیا ہے، اس سلسلے میں پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

شال بقیہ 13

حکومت نے پی ڈی ایم کو جلسے کی باضابطہ اجازت نہیں دی اور امن تناظر میں امن و امان کو قابو میں رکھنے کیلئے تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پی ڈی ایم کی تحریک کے پہلے مرحلے کا آخری جلسہ آج اتوار کو مینار پاکستان پر شیڈول ہے تاہم اپوزیشن نے حکومت کی جانب سے کسی بھی طرح کی رکاوٹ کی صورت میں حکمت عملی کے طور پر سڑک پر بھی جلسہ کرنے کی منصوبہ بندی کر رکھی ہے۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن نے حکومت کی جانب سے ممکنہ رکاوٹوں کے پیش نظر متبادل پلان بھی تیار کر رکھے ہیں جس کا مقصد جلسے کو کسی نہ کسی صورت کامیاب بنانا ہے۔ پی ڈی ایم کے لاہور کے جلسے میں ملک بھر سے اپوزیشن جماعتوں کے کارکنان شریک ہوں گے۔

شال بقیہ 14

ہے اور اپنے لئے کرتار پور اور لئے خاردار تاروں والی باڑ ہم اس قسم کی ترقی پر لعنت بھیجتے ہیں۔

شال بقیہ 15

۔ کروی رکھ کر بھی جان نہیں چھوٹنے کی، حکومت اور اپوزیشن اتحاد دست و گریبان ہیں جبکہ عوام بے یارو مددگار غربت اور مہنگائی کی چکی میں پس رہے ہیں، ثابت ہوگیا ہے کہ حکمران طبقہ کو عوامی مسائل سے کوئی سروکار نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لوئر دیر میں جماعت اسلامی کے مقامی رہنماؤں اور کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے رواں سال ساڑھے دس ارب ڈالر جبکہ پچھلے سال ساڑھے آٹھ ارب ڈالر قرضہ لیا تھا۔ یوں اس نے قرض لینے کا اپنا ہی ریکارڈ توڑ دیا۔ وزیراعظم کشکول توڑنے کے دعوے کرتے تھے اور ماضی کے حکمرانوں کو آئے روز کوستے تھے لیکن خود مسند اقتدار پر بیٹھنے کے بعد انہوں نے ریورس گیئر لگا لیا۔ اگر معیشت اسی طرح تباہی کے راستے پر گامزن رہی اور قرضوں کا پہاڑ بلند ہوتا گیا تو خدانخواستہ سارے ملک کو غیر ملکی اداروں کو گروی رکھ کر بھی جان چھوٹنے والی نہیں۔

شال بقیہ 16

کا مکمل جائزہ لیا جائیگا۔ انہیں، قلعہ سیف اللہ میں 15×15 اہلکار بھی بھجوا دیئے گئے۔ ڈائریکٹر پی ڈی ایم اے فیصل پانیزئی نے این این آئی کو بتایا کہ حکومت کی ہدایت پر پی ڈی ایم اے نے چالیس کروڑ روپے کی لاگت سے برف بنانے والی پانچ بڑی اور تیس چھوٹی گاڑیاں خریدی ہیں جبکہ مختلف دس ڈگری سے کم درجہ حرارت میں کام کرنے والی کٹس بھی خریدی گئی ہیں انہوں نے بتایا کہ برف بنانے والی گاڑیوں کیلئے عملہ تعینات کر دیا گیا جبکہ ان گاڑیوں کے لئے پشین، قلعہ سیف اللہ، کوژک ٹاپ، کان مترزئی، لک پاس، کوہلو اور زیارت میں قومی شاہراہیں پر بیس کیمپ بنا دیئے ہیں تاکہ برف باری کے دوران فوری طور برف ہٹانے کا کام شروع کیا جائے اور قومی شاہراہوں کو بلاک ہونے سے بچایا جائے انہوں نے کہا کہ محکمے نے کچھ مشنری کوئٹہ میں ضلع کوئٹہ، ہرنائی کے علاقے زرغون، قلات میں ہنگامی صورتحال کے لئے اسٹینڈ بائی رکھی ہے جبکہ ڈپٹی کمشنرز کی ضروریات کے مطابق بھی انہیں مشینری فراہم کرنے کا عمل جاری ہے انہوں نے کہا گزشتہ موسم سرما میں بلوچستان میں ریکارڈ برف باری کے باعث کان مہترزئی، زیارت، لک پاس، کوہلو اور زیارت میں قومی شاہراہیں بلاک ہونے سے شہریوں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تھا اس سال بھی موسم سرما میں آئندہ ہفتے سے موسمی صورتحال پیش گوئی کی گئی ہے جس سے قبل انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔

شال بقیہ 17

انسداد تجاوزات سیل نے پولیس حکام کے ہمراہ عدالتی احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے کوئٹہ کے علاقے ہلیلی میں 16 ایکڑ اراضی واگزار کروا لی اس پر قائم تعمیرات کو مسمار کر دیا گیا، ضلعی انتظامیہ نے یہ عہد ظاہر کیا ہے کہ وہ لینڈ مافیا کے خلاف ہر ممکن اقدامات کریں گے اس موقع پر شہریوں نے انتظامیہ کی کارروائی کو سراہا۔

شال بقیہ 18

مطابق اپوزیشن اتحاد پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ بلوچستان کے قائدین لاہور پہنچ گئے آج مینار پاکستان پر جلسہ عام سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ خطاب کریں گے۔

شال بقیہ 19

صفائی و ٹریفک کے ناقص صورتحال، پینے کے صاف پانی کی قلت، بجلی، گیس لوڈشیڈنگ کی وجہ سے ہر طبقہ پریشان ہیں شرپسندوں، بدعنوان عناصر کی وجہ سے عوام کی زندگی اجیرن، عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ عوام کو شرپسندوں کی رحم و کرم پر چھوڑنا حکومت کی ناکامی ہے۔ شہر میں لوٹ مار، شرپسندی روکی جائے۔ حکومت سود کے حق میں سپریم کورٹ میں دی گئی درخواست واپس لے اور سودی معیشت سے تائب ہو کر ملک میں عشر و زکوٰۃ کا پاکیزہ نظام رائج کرے۔ آرچر روڈ پر معصوم امید خان کے قاتلوں کو فی الفور منظر عام پر لاکر قرار واقعی سزا دیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں حکومت نام کی چیز نظر نہیں آتی۔

شال بقیہ 20

کر 80 روپے سے 82 روپے تک فروخت کی جا رہی ہے دکانداروں کا کہنا ہے کہ چینی کی قیمت میں کمی سپلائی میں اضافہ کے باعث ممکن ہوئی ہے اور امکان ہے کہ چینی کی قیمت میں آنے والے دنوں میں مزید کمی ہوگی چینی کی قیمت سنچری عمل کر کے ایک سو دس روپے فی کلو تک جا پہنچی تھی تاہم ہفتہ رفتہ کے دوران اس میں نمایاں کمی ہوئی ہے۔

شال بقیہ 21

کورونا وائرس پھیلاؤ کا سبب بن کر لوگوں کی جانوں سے کھیل رہی ہے۔ اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا کہ سیاست کا مقصد عوام کی زندگیوں میں بہتری لانا اور ان کا تحفظ ہے، سیاست کا حتمی مقصد سیاسی اشرافیہ کی زندگی میں ہی بہتر لانا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت اب تک بیرونی قرضوں کی سب سے زیادہ ادائیگی کر رہی ہے، قرضوں کی ادائیگی کے باوجود بیرونی قرضوں میں اضافے کی رفتار سست ہے۔ حماد اظہر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) حکومت کے آخری سال کے مقابلے میں بیرونی قرض بڑھنے کی رفتار سست ہے، جبکہ ہمارے غیر ملکی ذخائر میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔

شال بقیہ 22

رپورٹ ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 2 ہزار 729 افراد کورونا وائرس کا شکار ہوئے اور مزید 71 مریض چل بسے۔ این سی او سی کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 41 ہزار 426 کورونا ٹیسٹ کیے گئے، ملک بھر میں کورونا وائرس کے کیسز کی تعداد 4 لاکھ 35 ہزار 56 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق ملک بھر میں فعال کیسوں کی تعداد 45 ہزار 124 ہے، کورونا سے مجموعی اموات کی تعداد 8 ہزار 724 ہو گئی۔ این سی او سی کے مطابق صحتیاب ہونے والوں کی تعداد 3 لاکھ 81 ہزار 208 ہے، سندھ میں مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 92 ہزار 735 ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق پنجاب میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 26 ہزار 526 ہوگئی، خیبر پختونخوا میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 51 ہزار 404 ہے۔ این سی او سی کے مطابق اسلام آباد میں 34 ہزار 300 اور بلوچستان میں 17 ہزار 696 ہے، ملک میں کورونا مثبت کیسز کی شرح کم ہو کر 59.6 فیصد ہوگئی۔ این سی او سی کے مطابق کراچی میں سب سے زیادہ مثبت کیسز کی شرح 88.20 فیصد ریکارڈ کی گئی، پشاور 05.15 اور مظفر آباد میں 20.11 فیصد شرح ریکارڈ کی گئی۔ این سی او سی کے مطابق مثبت کیسز میں سندھ میں 91.12، خیبر پختونخوا میں 12.4 اور آزاد کشمیر 70.8 فیصد شرح ریکارڈ کی گئی، اسلام آباد میں 27.4 فیصد مثبت کیسز رپورٹ ہوئے، ہسپتالوں میں زیر علاج 58 فیصد مریض وینٹی لیٹر پر موجود ہیں۔

شال بقیہ 23

چادر چڑھائی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میجر جنرل عمر احمد بخاری نے آرمی چیف کو بریفنگ دی، آرمی چیف نے کراچی میں امن و امان قائم کرنے میں سندھ رینجرز کے کردار کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی، آرمی چیف نے شہداء کو خراج تحسین پیش کیا۔

شال بقیہ 24

داخلہ کی جانب سے تعطیلات کے حوالے سے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا جس کے مطابق سال 2021 میں کل 14 عام تعطیلات ہوں گی، جن کا آغاز 5 فروری کو یوم کشمیر سے ہوتا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن میں سرکاری ملازمین کے لیے کم از کم 22 اختیاری تعطیلات کا اعلان کیا گیا ہے۔ مسلمان ملازم کو صرف ایک اختیاری چھٹی لینے کی اجازت ہے جبکہ غیر مسلم کے لیے تین اختیاری چھٹیاں ہوں گی۔ تعطیلات کی فہرست کے مطابق 5 فروری (جمعہ) یوم کشمیر، 23 مارچ (منگل) یوم پاکستان، یکم مئی (ہفتہ) یوم مزدور، 14، 15 اور 16 مئی (جمعہ، ہفتہ اور اتوار) عید الفطر، 21، 22 اور 23 جولائی (بدھ، جمعرات اور جمعہ) عید الاضحیٰ، 14 اگست (ہفتہ) یوم آزادی، 18، 19 اگست (بدھ اور جمعرات) عاشورہ محرم، 19 اکتوبر (منگل) عید میلاد، 25 دسمبر (ہفتہ) یوم قائد / کرسمس ڈے، 26 دسمبر (اتوار) کرسمس کے بعد اگلا دن (صرف عیسائیوں کے لیے) واضح رہے کہ چاند ہونے اور نہ ہونے کے سبب تاریخیں آگے پیچھے ہوسکتی ہیں۔ پبلک ڈیلنگ (عوامی معاملات) کے لیے بینک مندرجہ ذیل تاریخوں پر بند رہے گا جبکہ بینکوں کے DFIs اور MFBs ملازمین معمول کے مطابق کام کریں گے جن میں یکم جنوری 2021 (جمعہ)، 14 اپریل، 2021 (بدھ) یکم رمضان، یکم جولائی، 2021 (جمعرات) شامل ہیں۔

شال بقیہ 25

یہ ظاہر ہے کہ اس سے ہمیں آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کیلئے ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب مربوط انداز میں بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے قائم کیا گیا تھا، یہی وجہ ہے کہ نیب اپنے فرض کی تکمیل اور بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے قوم کی امنگوں پر پورا اترنے کیلئے سنجیدگی سے کام کر رہا ہے اور پاکستان کو کرپشن فری بنائے گا۔ انہوں نے کہا کہ نیب کی آپریشنل مستقل الوجی تین مرحلوں شکایت کی جانچ پڑتال، انکوائری اور انویسٹی گیشن پر مبنی ہے، نیب کے افسران اور اہلکاران کو بدعنوانی کے خاتمہ کیلئے "احتساب سب کیلئے" کی پالیسی اختیار کرتے ہوئے انسداد بدعنوانی کی حکمت عملی پر عمل کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ نیب افسران کی محنت، عزم، شفافیت اور میرٹ کو قومی اور بین الاقوامی معتبر اداروں نے سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب افسران کو بدعنوان عناصر کو گرفتار کرنے اور معصوم شہریوں کی لوٹی گئی رقم کو وصول کرنے کیلئے اپنی کوششیں دوگنا کرنی چاہئیں۔

شال بقیہ 26

ضیاء، ذوالفقار، مولا داد جان، محمد اسلم شامل ہیں باقی زخمیوں کو ظاہر پیر کے ہسپتال منتقل کر دیا۔

شال بقیہ 27

کی دھمکی دی تھی۔ امریکی ایوان نمائندگان نے گذشتہ منگل کو اس بل کی منظوری دی تھی جس میں صدارتی ویٹو کو بھی ناکام بنانے لیے کافی ووٹ ملے تھے۔ چار ذرائع نے اس معاملے سے واقف دو امریکی عہدیداروں سمیت تصدیق کی کہ امریکا گذشتہ سال روسی ایس-400 فضائی دفاعی نظام کی خریداری پر ترکی پر پابندیاں عائد کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ موجودہ صدر نے ترکی کی ناراضی سے بچنے کے لیے انقرہ پر پابندیوں سے گریز کیا تاہم نومنتخب صدر جو بائیڈن کی زیر قیادت آئندہ امریکی انتظامیہ ترکی کے معاملے میں زیادہ سختی کا مظاہرہ کرے گی۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پابندیوں سے ترکی کی دفاعی صنعت، انتظامیہ اور اس کے سربراہ اسماعیل دمیر کو نشانہ بنایا جائے گا۔ دوسری جانب ایک سینئر ترک عہدیدار نے کہا کہ روسی ایس 400 میزائل دفاعی نظام کی خریداری پر ترکی پر امریکی پابندیوں سے دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو نقصان پہنچے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا اور ترکی نیٹو کے رکن ہیں اور ایک رکن ملک دوسرے پر کیسے پابندیاں عاید کر سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پابندیوں کا کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا۔ ترکی پر پابندیاں تعمیری سوچ نہیں۔ ان سے دونوں ملکوں کے تعلقات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

شال بقیہ 28

سے جان چھڑانے کیلئے اپنا استعفیٰ پارٹی قیادت کو پیش کر رہا ہوں۔

شال بقیہ 29

جس کے حوالے سے موصول شکایت کی تصدیق شروع کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب پی او آئی خیبر پختونخوا کے امیر سینیٹر عطاالرحمان نے نجی ٹی وی کو بتایا کہ یہ شکایت جھوٹ ہے اس سے کچھ بھی نہیں ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح نیب نے پہلے تحقیقات کی ہیں یہ تحقیقات بھی ردی کی ٹوکری میں جائیں گی، اس طرح کوئی دباؤ کا شکار کرنا چاہے تو ہم اس حد سے گزر چکے ہیں۔

شال بقیہ 30

کی ہدایات پر پی آئی اے نے معاہدے کی خاص شق سے فائدہ اٹھایا، جس کے بعد پہلا طیارہ اے پی پی کے وفاقی صبح کراچی سے جنوبی افریقہ کے شہر جوہانسبرگ روانہ ہوگیا ہے۔ سی ای او پی آئی اے ارشد ملک کی جانب سے جاری بیان کے مطابق موجودہ حالات میں یہ فیصلہ مشکل مگر ناگزیر تھا، ٹیم نے کامیاب مذاکرات کر کے اس اقدام کو ممکن بنایا وہ قابل تحسین ہیں۔ ارشد ملک نے کہا کہ پی آئی اے اپنے بیڑے کو جدید بنانے کے راستے پر گامزن ہے، جلد نئے طیارے بیڑے میں شامل ہو کر اپنی پراڈکٹ کو بہتر بنائیں گے، جدید طیارے ہمارے مہمانوں کی خواہش تھی جو جلد پوری ہوگی، اس سے قبل پی آئی اے مناسب بکنگ ای ٹی آر 42 چھوٹے ہوائی اڈوں سے آپریٹ کرتی رہی ہے۔

شال بقیہ 31

پیپلز پارٹی سے نہیں۔ انہوں نے لکھا کہ وہ بلاول بھٹو زرداری کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہیں گے، انہوں نے کہا کہ میں نے بطور ترجمان ایمانداری، خلوص اور ملک اور پارٹی کے بہترین مفاد میں مشورے دیئے۔ خیال رہے کہ مصطفیٰ نواز کھوکھر کے استعفے نے ان افواہوں کو سچ کر دیا جو گزشتہ روز سے زیر گردش تھیں اس استعفے

وزیراعظم ملکی تجارت بڑھانے کے حوالے سنجیدہ ہے، نورالحق قادری

پاک افغان بارڈر طورخم تجارت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، خیبر پاس اکنامک کوریڈر سے روزگار کے مواقع ملیں گے

وزیراعظم ملکی تجارت بڑھانے کے حوالے سنجیدہ ہے، حکومت تمام مسائل حل کرنے میں کردار ادا کرے گی، وفاقی وزیر مذہبی امور

انڈی کوئل (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور نورالحق قادری نے کہا ہے کہ پاک افغان بارڈر طورخم تجارت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، خیبر پاس اکنامک کوریڈر سے روزگار کے مواقع ملے گی، سٹیک ہولڈر کیساتھ کسٹم کلیئرنس کے حوالے سے جلد میٹنگ ہوگی اور مسائل کی حل کیلئے اقدامات اٹھائیں جائے گی، تیز رفتار ٹرین کا منصوبہ کراچی سے طورخم تک ہوگی جس سے سنٹرل ایشیا، تک تجارت کو فروغ ملے گی۔ طورخم بارڈر انتہائی اہمیت کا حامل ہے وزیراعظم عمران خان ملکی تجارت بڑھانے کے حوالے سنجیدہ ہے۔ حکومت تمام مسائل حل کرنے میں کردار ادا کرے گی۔ وفاقی وزیر برائے مذہبی امور ڈاکٹر نورالحق قادری نے طورخم بارڈر پر خیبر چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا، اس موقع پر ان کے ہمراہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنماء امیر محمد خان آفریدی، ضلعی جتیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی فوڈ فارمیں اور نیوٹریشن ایمرجنسی رسپانس پروجیکٹس کے سالانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال سے اس وقت عوام سب مایوس ہوچکے ہیں، حافظ عبدالواحد ہاشمی

عوام ہر طرف سے مایوسی کا شکار ہے عوام کیمسائل کا حل صرف اسلامی نظام سے ممکن ہے

چمن (آن لائن) نظریاتی کے نوجوان قیادت کا ضلع بھر میں جماعت کو فعال بنانے کا عزم جمعیت نظریاتی چمن، جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع قلعہ عبداللہ کے ضلعی امیر حافظ عبدالواحد ہاشمی، جنرل سیکرٹری حافظ عتیق اللہ ملحق شمس اللہ مولوی عمر شاہ عبدالولی سالار عبدالقادر گلستانی پریس سیکرٹری محمد صلیفا حنفی اور دیگر کا چمن شہر کا تنظیمی دورہ مختلف شخصیات اور علما کرام سے ملاقات اور وفود سے جتیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

بلوچستان سمیت ملک بھر میں مہنگائی میں کمی کا سلسلہ جاری ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سمیت ملک بھر میں مہنگائی میں کمی کا سلسلہ جاری ہے۔ ہفتہ وار شرح صفر اعشاریہ دو چھ فیصد کم ہوگئی ہے۔ گزشتہ ہفتے 6 1 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ جبکہ 13 میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ 22 کے جتیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

روورل ہیلتھ سنٹرز میں ادویات کی ہمہ وقت دستیابی کو یقینی بنائیں، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ

حکومت بلوچستان کے ہیلتھ روڈ میپ پروگرام کے تمام متعلقہ انڈیکیٹرز پورے ہونے چاہئیں

لسبیلہ (ش ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کے زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ ریویو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ضلعی افسر صحت ڈاکٹر آصف انور شاہوانی، ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر ریحان حمید سمیت محکمہ صحت کے دیگر میڈیکل سپرنٹنڈنٹس نے شرکت کی اجلاس میں صحت عامہ کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اجلاس میں ضلعی افسر صحت نے لسبیلہ بھر کے ہسپتالوں سے متعلق اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی صحت عامہ کی فراہمی سے متعلق کارکردگی اجلاس کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر نے مانیٹرنگ رپورٹس کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے صفائی ستھرائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ رورل ہیلتھ سنٹرز میں ادویات کی ہمہ وقت دستیابی کو یقینی بنائیں اور درپیش مسائل کو ترجیحی جتیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

نصیر آباد میں مقامی ٹھیکہ دار کی خیر سگالی کی کوششیں رنگ لائیں

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) نصیر آباد میں مقامی ٹھیکہ دار کی خیر سگالی کی کوششیں رنگ لائیں بلوچستان عوامی پارٹی سے تعلق رکھنے والے ایک ہی جماعت کے دو رائین اسمبلی کے مابین حائل فلیج مٹ گئی پارلیمانی سیکرٹری پی ڈی اے میر سکندر خان عمرانی کی نیوٹری بارس آمد، پاور شیر تنگ کا قابل قبول فارمولہ طے پا گیا گلے شکوے جتیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

صحت مند بچہ صحت مند معاشرے کی علامت ہے، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

بلوچستان میں خشک سالی غربت اور دیگر مسائل کی نوعیت دیگر صوبوں سے مختلف ہے وسیع رقبے پر پھیلی آبادی میں صحت عامہ کی صورتحال یقیناً باعث اطمینان نہیں

بلوچستان ملک کا وہ پہلا صوبہ ہے جہاں نیوٹریشن سے متعلق مختلف پروگرامز کو یکجا کرنے کے لئے باقاعدہ نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ قائم کیا گیا ہے، پارلیمانی سیکرٹری صحت

کراچی کرسمس کی تیاریوں کے سلسلے میں ایک دکاندار دکان سجانے میں مصروف ہے

کوئٹہ (ش ن) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری اور اصلاحات کے لئے صوبائی حکومت کی پختہ کمٹمنٹ کے باعث فیڈرل پروانشل ہیلتھ کیئر پروجیکٹ میں بلوچستان کی گرانٹ پانچ ملین سے بڑھا کر آٹھ اعشاریہ پانچ کردی گئی ہے جبکہ بلوچستان کی جانب سے ڈیو شیئر ادائیگی معاف کردی گئی ہے بلوچستان میں غذائی قلت کے مسائل پر قابو پانے کیلئے نیوٹریشن پروگرام نہایت اہمیت کا حامل ہے محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ سے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ میں جتیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں تمام محکمے محض اپنا احساس دلانے تک محدود ہیں، جاوید بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، ممبر سینٹرل کمیٹی چیئرمین جاوید بلوچ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان میں تمام محکمے محض اپنا احساس دلانے تک محدود ہیں صرف بلوچ میں پڑ گئیکہ زراعت پر اتنا بلوچ خرچ ہوا جبکہ زمین اور زمینداروں کو کوئی فائدہ جتیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

ایردوآن کی تقریر میں متنازع اشعار پر ایران اور ترکی میں سفارتی کشیدگی

انقرہ (این این آئی) ترکی کے صدر رجب طیب ایردوآن کی جانب سے آذربائیجان کی فوج سے خطاب کے دوران پڑھے گئے کچھ اشعار پر ایران نے سخت ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے تہران میں متعین ترک سفیر کو طلب کرکے جتیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

علماء دیوبند نے ہر تحریک پر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے

حالیہ دنوں میں ہم سے کئی اکابرین دنیا سے رحلت فرما گئے، مفتی عبدالناصر مینگل

قلات (این این آئی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع قلات کے رہنما مفتی عبدالناصر مینگل مولانا منیر احمد بخاری مولانا شاہ محمد زہری مولانا رحمت اللہ شیرجان ردوبی ضلع قلات کے ضلعی صدر فضل اللہ عمرانی ودیگر نے اکابرین دیوبند کی دین اسلام کیلئے خطاب کئے ان کا کہنا تھا کہ علماء دیوبند نے ہر تحریک پر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے حالیہ دنوں میں ہم سے کئی اکابرین دنیا سے رحلت فرما گئے مولانا ڈاکٹر عادل خان شہید مولانا خورشید احمد مولانا پروفیسر عبداللطیف مولانا اکرام الحق خیری مفتی جتیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

اوتھل پولیس کی کاروائی، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا

مقدمہ درج، جبکہ ایک اور کاروائی میں میں گذانی پولیس نے منشیات فروش کو منشیات سمیت دھرلیا

اوتھل (این این آئی) اوتھل پولیس کی کاروائی، مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا، مقدمہ درج، جب کہ ایک اور کاروائی میں میں گذانی پولیس نے منشیات فروش کو منشیات سمیت دھرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اوتھل پولیس نے ہفتے کے روز زیر پوائنٹ چیک پوسٹ پر دوران چیکنگ کراچی سے چوری شدہ ایک موٹر سائیکل برآمد کرکے ایک ملزم سمیع اللہ نامی شخص کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کر جتیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ژوب کرکٹ لیگ کیٹورنامنٹ کے سلسلے میں آج ایک شاندار میچ کھلا گیا

ژوب (این این آئی) ژوب کرکٹ لیگ کیٹورنامنٹ کے سلسلے میں آج ایک شاندار میچ کھلا گیا سر باز کرکٹ کلب نے فائنل میچ اپنے نام کرلیا ہے وزنیم کو ایک لاکھ روپے اور رنرزیم کو پچاس ہزار روپے، ژوب ہیروز، مین آف دی میچ خالد، مین آف دی ٹورنامنٹ عزیز ساگر چیرمین جتیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

پشتو زبان وادب کے لئے صاحبزادہ حمیداللہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، عوامی نیشنل پارٹی

پشتو پشتون اور پشتونولی کے زرین اصولوں کے مطابق زندگی گزارنی ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان میں معروف ادیب وشاعر، استاد اور مورخ پروفیسر صاحبزادہ حمیداللہ کو ان کی چوتھی برسی پر بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پشتو زبان وادب کے لئے صاحبزادہ حمیداللہ کی خدمات ناقابل فراموش ہیں ان کا نام تابد زندہ رہے گا، پشتون نوجوانوں کو اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پشتو پشتون اور پشتونولی کے زرین اصولوں کے مطابق زندگی گزارنی ہوگی اور پشتونوں کی اجتماعی بیداری اور شعور کے لئے اپنا فعال ومتحرک کردار ادا کرنا چاہئے۔

قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، حافظ محمود اللہ

کوئٹہ (آن لائن) پیغام جمعیت نیوز کے صدر حافظ محمود اللہ محمد اسحاق خان ایڈوکیٹ حافظ محمد عزل خان فاروقی حافظ صدیق اللہ ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن کی دفاع کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے جمعیت کے ہر کارکن اپنے قائدین اور جمعیت علمائے اسلام کی دفاع اپنے خون سے کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیغام جمعیت نیوز کے ممبر حافظ صدیق اللہ کے جانب سے دیئے گئے عشائیے جتیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

قیام امن کیلئے پاک فوج اور ایف سی کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، قدیر خان بنگلوئی

پاک فوج اور ایف سی نے صوبے میں قیام امن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملایا

پاکستان کو ناقابل تسخیر قوت بنانے میں ملکی سلامتی کے اداروں کا کردار روز روشن کی طرح عیاں ہے

تمبو (آن لائن) نصیر آباد کے قبائلی رہنما ڈیرہ قدیر خان بنگلوئی نے کہا ہے کہ قیام امن کیلئے پاک فوج اور ایف سی کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی پاک فوج اور ایف سی نے صوبے میں قیام امن کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ دیکر دشمنوں کے عزائم کو خاک میں ملایا، پاکستان کو ناقابل تسخیر قوت بنانے میں ملکی سلامتی کے اداروں کا کردار روز روشن کی طرح عیاں ہے انہوں نے کہا کہ ایف سی بلوچستان نے تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں خدمات سرانجام دیتے ہوئے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے اقدامات جتیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کرپشن عروج پر خزانے کو دیمک کی طرح لوٹا جارہا ہے، مکھی شام

گوادر کو باڑ لگا کر سیل کرنا گوادر کے عوام کی آزادی وحریت پر قدغن لگانے کے مترادف ہے

اپوزیشن ممبران کے استعفوں کے ساتھ وقت آنے پر حکومتی اتحادی بھی اس کار خیر میں شریک ہونگے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے انتخابی رہنما ورکن بلوچستان اسمبلی مکھی شام لال لاہی نے کہا ہے کہ گوادر کو باڑ لگا کر سیل کرنا گوادر کے عوام کی آزادی وحریت پر قدغن لگانے کے مترادف ہے، اپوزیشن ممبران کے استعفوں کے ساتھ وقت آنے پر حکومتی اتحادی بھی اس کار خیر میں شریک ہونگے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو یہاں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں جتیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

کراچی گارڈن پولیس ہیڈکوارٹر کے قریبی علاقے محمد علی جناح میں 21 میں میلا پانی نہ ملنے کی وجہ سے لوگ سرکاری نل سے پانی بھر رہے ہیں

انجینئر محمد جمشید قاسانی کی والدہ انتقال کرگئیں

کوئٹہ (این این آئی) انجینئر محمد جمشید قاسانی اور بی اینڈ آر کے اور تجزیب قاسانی کی والدہ انتقال کرگئی ہیں۔ مرحومہ کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ فاتحہ خوانی گارڈن ٹاؤن چشمہ اچوزئی ایئر پورٹ روڈ پر جاری ہے۔

جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان سمیت دیگر کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شفیق الرحمان، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر مسعود تاج، ڈین لیکچلیر، سینئر اساتذہ نے جامعہ بلوچستان کے آفیسر حضرت آغا کے والد سید حاجی نظر محمد آغا کے انتقال پر جتیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر

گوادر میں باڑ لگانا شہر کو بلوچستان سے الگ کرنے کی سازش ہے، بلوچستان بار کونسل

گوادر شہر میں باڑ لگانے کے فیصلے کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے اور باڑ لگانے کے عمل کے خلاف احتجاج کا فیصلہ کیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بار کونسل اور کوئٹہ بار ایسوسی ایشن نے گوادر شہر میں باڑ لگانے کے فیصلے کو بلوچستان ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے اور باڑ لگانے کے عمل کے خلاف احتجاج کا فیصلہ کیا ہے باڑ لگانا سوبے کی ساحلی پٹی کو وفاق میں شامل کرنے کی کوشش کا تسلسل ہے تفصیلات کے مطابق بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین منیر کاکڑ نے کونسل کے دیگر عہدیداروں اور کوئٹہ بار ایسوسی ایشن کے صدر اقبال کاسی سمیت دیگر وکلا نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوادر میں باڑ لگانا جتیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

کوئٹہ شہر کے گیس پریشر کی کوسردی میں پنجاب کی طرح RLNG سے پورا کیا جائے، مولانا قاری عبداللہ

قدرتی گیس کا بحران سے حالات مزید سنگین ہوتا دکھائی دے رہا ہے، جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری عبداللہ، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، گیس لوڈ شیڈنگ اور پریشر کی کے حوالے سے کہا کہ کوئٹہ شہر کے گیس پریشر کی کوسردی میں پنجاب کی طرح RLNG سے پورا کیا جائے۔ قدرتی گیس کا بحران سے حالات مزید سنگین ہوتا دکھائی دے رہا ہے گیس کی شدید قلت سے عوام سخت پریشان ہیں کہیں عوام گیس سنٹر کی جتیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت گرانا دیوانے کا خواب ہے، میر غلام نبی عمرانی

جام کمال خان کے بہتر طرز حکومت اور ترقی پسندانہ وژن کی بدولت پسماندگی کے اندھیرے اجالوں میں تبدیل ہورہے ہیں

تمبو (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی نصیر آباد کے ضلعی صدر میر غلام نبی عمرانی نے کہا ہے کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی حکومت گرانا دیوانے کا خواب ہے جام کمال خان کے بہتر طرز حکومت اور ترقی پسندانہ وژن کی بدولت پسماندگی کے اندھیرے اجالوں میں تبدیل ہورہے ہیں صوبائی حکومت جام کمال کی قیادت میں اتحادیوں کے تعاون سے بلوچستان کو پسماندگی کے دلدل سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے کوشاں بیان خیالات کا اظہار انہوں جتیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

شیخوپورہ، تیز رفتار ویگن ڈالا بے قابو ہوکر الٹ گیا، 18 مسافر زخمی ہوگئے

شیخوپورہ (این این آئی) ہیرہ راموڑ کو جرانوالہ روڈ پر تیز رفتار ویگن ڈالا بے قابو ہوکر الٹ گیا حادثے میں ویگن میں سوار 18 مسافر زخمی ہوگئے ریسکیو 1122 شیخوپورہ کی امدادی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو طبی امداد دینے کے بعد ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کردیا زخمیوں جتیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

جنگلی حیات ہمارا اثاثہ ہے اس کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے، کرم خان کاکڑ

عوام جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے ہمارا ساتھ دیں کیونکہ جنگلی حیات معاشرے کا حسن ہے

ژوب (آن لائن) جنگلی حیات ہمارا اثاثہ ہے اس کا تحفظ ہم سب کی ذمہ داری ہے ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کنزرویٹر وائلڈ لائف ژوب کرم خان کاکڑ نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ جنگلی حیات کا تحفظ اولین ترجیحات میں شامل ہے عوام جنگلی حیات کے تحفظ کیلئے ہمارا جتیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

معاون خصوصی عثمان ڈار کی زیر صدارت سیالکوٹ قلعہ پر کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں نے مختلف محکموں کے متعلق اپنی شکایات پیش کیں، حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے

سیالکوٹ این این آئی (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کے معاون خصوصی برائے امور نوجوانان عثمان ڈار، صوبائی وزیر انٹیگریٹڈ ایجوکیشن پنجاب چودھری محمد اخلاق، ڈپٹی کمشنر ذیشان جاوید اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر حسن اسد علوی کی زیر صدارت سیالکوٹ قلعہ پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جتیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

حیدرآباد ہیلپرز پارٹی کے ایم پی ایز رانا عمیر سنگھ ودیگر اپنے اثاثے صوبائی صدر نثار احمد کھوڑو کو پیش کررہے ہیں

ضلع بھر میں اسپورٹس گالہ منعقد کرنے کا مقصد نوجوانوں کو تفریح کا موقع دینا ہے، جاوید ڈومکی

کھلاڑیوں کو اپنی جوہر دکھانے کا موقع ملتا ہے ضلع چاغی کے نوجوانوں میں بہت ٹیلنٹ ہیں، اسسٹنٹ کمشنر

دالبندین (این این آئی) آل چاغی 25 دسمبر قائداعظم اسپورٹس گالہ کے تقریبات شروع کھلال کے ساتھ ساتھ تمام کھیلوں کے ایونٹ شروع ہوچکے ہیں اسسٹنٹ کمشنر جاوید ڈومکی نے آل چاغی 25 دسمبر قائداعظم اسپورٹس گالہ ایڈمنسٹریشن ایکٹ 61 برگیڈ 2020 کھلال ایونٹ کا افتتاح کردیا افتتاحی تقریب میں شہید عبید محمد کھلال گراؤنڈ کو سبز ہلالی پرچم سے سجایا گیا تھا تقریب میں ضلع کے آفیسران، کھلال کے شائقین سمیت مختلف طبقہ فکر کے لوگ بڑی تعداد میں شریک تھے اسسٹنٹ کمشنر جاوید ڈومکی جتیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

نوحصار اخبرگ میں بازئی قبائل کی جدی پشتی اراضی پر بندوق کی نوک پر قبضہ بدترین استحصال ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

نوحصار اخبرگ میں بازئی قبائل کی 2100 ایکڑ جدی پشتی اراضیات پر قبضہ کیا جارہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد مولانا حافظ سراج الدین مولانا محمد یاسر بازئی حاجی محمد شاہ لالا حاجی ولی محمد بزنجو ظفر اللہ کاکڑ مولانا محمد طاہر توحیدی میر فاروق لانگو چوہدری محمد عاطف مولانا جمال الدین خلجی مفتی نیک محمد فاروقی اور دیگر جتیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

صحت کی سہولتوں کی فراہمی کیلئے اہم اقدامات اٹھا رہے ہیں، حیات کاکڑ

مری کور پاکستان کے ساتھ ملکر ہم ٹی بی اور دیگر مہلک امراض کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں گے

محکمہ صحت بلوچستان اور پارٹنرز کے درمیان لنکجز کو مزید فروغ دیا جائیگا، سپیشل سیکرٹری محکمہ صحت حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) سپیشل سیکرٹری محکمہ صحت حکومت بلوچستان حیات اللہ کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان میں صحت کی سہولتوں کی فراہمی کے لئے اہم اقدامات اختیار کئے ہیں مری کور پاکستان کے ساتھ ملکر ہم ٹی بی اور دیگر مہلک امراض کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مری کور پاکستان کے بلوچستان آفس میں ٹی بی کے خاتمے کے لئے موبائل وین سروس کے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جتیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

انٹک ڈپٹی کمشنر علی عنان قمر کرونا وائرس ایس او پیز کے سلسلے میں عوام میں ماسک تقسیم کررہے ہیں

کندھ کوٹ، 14 سالہ لڑکے کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے 4 نوجوان گرفتار

کندھ کوٹ (این این آئی) کندھ کوٹ کے علاقے نوٹ پور میں 14 سالہ لڑکے کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنانے والے 4 نوجوانوں کو گرفتار کرلیا گیا، پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پولیس کے مطابق زیادتی کے شکار لڑکے کے بھائی کی مدعیت میں 4 افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا، متاثرہ لڑکے نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان نے مجھے نشہ دینے کے بعد زیادتی کا نشانہ بنایا۔

اندرونی وبیرونی محاذوں پر درپیش خطرات سے نمٹنے کیلئے ہر وقت تیار ہیں، ایئر چیف

کراچی (این این آئی) پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان نے کہا ہے کہ ملک کو اندرونی اور بیرونی محاذوں پر درپیش کسی بھی خطرے سے نمٹنے کیلئے پی اے ایف ہمہ وقت تیار ہے۔ ایئر چیف مارشل مجاہد انور خان نیکر اچی میں پی اے ایف ایئر مین اکیڈمی کی پاسنگ جتیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کی جانب سے استعفے دینا غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل ہے حکومت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا، سردار پرنس عبدالقادر بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نوشکی کے صدر وسی سی ممبر سردار پرنس عبدالقادر بلوچ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کی جانب سے استعفے دینا غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل ہے حکومت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اگر اپوزیشن اراکین نے استعفے دیئے تو حکومت فوراً متعلقہ حلقوں جتیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

گوادر شہر کو گرد باڑ لگانا اہل گوادر سے جینے کا حق چھیننے کے مترادف ہے جو کسی صورت قبول نہیں ہے

کسی کو گوادر پر قبضہ کی اجازت نہیں دیں گے، مرکزی سیکریٹری اطلاعات وشخریات رئیس نواز علی برفت ایڈووکیٹ

لسبیلہ (این این آئی) بلوچ عوامی موومنٹ کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات وشخریات رئیس نواز علی برفت ایڈووکیٹ نے کہا کہ گوادر شہر کے گرد باڑ لگانا اہل گوادر سے جینے کا حق چھیننے کے مترادف ہے جو کسی صورت قبول نہیں ہے کسی کو گوادر پر قبضہ کی اجازت نہیں دیں گے اور گوادر شہر کے گرد باڑ لگانے والے عناصر کسی صورت بلوچستان اور بلوچ قوم کے خیر خواہ نہیں ہوسکتے جو محض سامراجی مفادات کے دفاع کی غرض سے گوادر کو مقامی آبادی سے جدا کرنے کے درپے ہیں۔ گوادر ہمارا اثاثہ ہے جس کو ہم سے کسی صورت جدا نہیں کیا جاسکتا۔ ان خیالات کا اظہار وہ بلوچ عوامی موومنٹ کے سابق مرکزی نائب صدر ورکن جتیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

غریب عوام کے گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑ گئے ہیں، سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ

لوگ دو وقت کی روٹی کے محتاج ہوتے جارہے ہیں لیکن حکومت سب اچھا ہے کا راگ الاپ رہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری وسابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت کی عدم توجہ اور نااہلی وجہ سے مہنگائی عروج پر ہے سرکاری اعداد وشمار اور وزیراعظم کے بیانات کی حد تک مہنگائی میں کمی ضرور آئی ہے تاہم مارکیٹ میں چیزیں 100 گنا مہنگی فروخت کی جارہی ہیں انڈے 220 روپے فی درجن، مرغی فی کلو 350 روپے، چینی 110 روپے فی کلو، بیس کلو آٹا 1300 روپے میں فروخت کیا جارہا ہے جبکہ مہنگائی، غربت، بے روزگاری بڑھنے سے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں جرائم کی شرح میں اضافہ ہورہا ہے اگر صورتحال یہی رہی تو ملک میں انتشار پھیل جائیگا۔

کوئٹہ جمعیت علماء اسلام مرکزی رہنماء مولانا حافظ حمداللہ سے ان کی رہائش گاہ پر کارکنان ملاقات کررہے ہیں

علامہ شبیر عثمانی کا یوم وفات (آج) عقیدت واحترام سے منایا جائیگا

لاہور (این این آئی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما اور قائداعظم محمد علی جناح کی ہدایت پر 1947 میں پاکستان کی آزادی کا پرچم لہرانے والے معمار پاکستان شیخ الاسلام جتیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

سی ڈی اے انڈسٹریل ایریاز کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے، فاطمہ عظیم

آئی نائن میں ٹوٹے پل کی وجہ سے حادثات بڑھ رہے ہیں، عبدالرحمن خان

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی قائم مقام صدر فاطمہ عظیم نے کہا کہ آئی نائن، آئی ٹین اور کہوٹہ انڈسٹریل ایسٹیٹ صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دے کر مقامی معیشت کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کررہے ہیں لیکن سی ڈی اے کی عدم توجہ کی وجہ سے گوں جتیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

سیندک پروجیکٹ کے ملازمین کیساتھ کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کریں گے، میر عرض محمد بزنجو

سیندک پروجیکٹ کے ملازمین کی جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائیں، سابق سٹی چیئرمین

نوکنڈی (آن لائن) سابق سٹی چیئرمین حاجی میر عرض محمد بزنجو نے کہا ہے کہ سیندک پروجیکٹ کے ملازمین کیساتھ کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کریں گے سیندک پروجیکٹ کے ملازمین کی جائز مطالبات کو تسلیم کیا جائیں اگر سیندک پروجیکٹ کے جانب سے ملازمین کی جائز مطالبات کو تسلیم نہیں کیا تو کورٹ تک جائیں گے اور ملازمین کو ان کے جائز حقوق دلائے گے ملازمین کیساتھ سیندک جتیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

بی این پی بلوچستان کی عوام اور بلوچ قوم کے دلوں کی دھڑکن بن چکی ہیں، نزر جان ابابکی

بی این پی واحد قوم پرست اور حقیقی جماعت ہے جو ہر محاذ پر تمام محکوم ومظلوم طبقات کی حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے

مستونگ (آن لائن) بی این پی واحد قوم پرست اور حقیقی جماعت ہے جو ہر محاذ پر تمام محکوم ومظلوم طبقات کی حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے قائد عوام بی این پی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کی قیادت کے بدولت بی این پی بلوچستان کی عوام اور بلوچ قوم کے دلوں کی دھڑکن بن چکی ہیں پارٹی کے جھنڈے تلے سینکڑوں کارکنوں